محمد سجاد مرزا بیگ

دہلوی

مطبوعہ ڈائمنڈ جوبلی پریس حیدرآباد دکن

ناول

تمنائے دید

مصنفہ

محمد سجاد مرزا بیگ دہلوی

مطبوعہ ڈئمنڈ جوبلی پریس حیدرآباد دکن

قیمت فی جلد ۱۰/



[illegible]

دل کے ٹکڑے [illegible] مرغ چمن [illegible] آج کچھ [illegible] الحان وگر کرتا ہے -
اللہ اللہ اگرچہ [illegible] ہے مگر دل لگی [illegible] بے فکری کا زمانہ [illegible]
[illegible] آرام کے دن گئے - اب نہ سیر باغ ہے نہ مجلس احباب - [illegible] خوش [illegible]
باتین اور بے گنہ مسرت [illegible] ن !

[illegible] اگرچہ سجاد دلّی مین ہے مگر دل کی آنکھین تمہاری [illegible] لگی [illegible]
ہین - تم کیا گئے گویا دنیا بھر کے تفریح کے سامان ہی اُٹھ گئے - ہان جب تصوّر مین وہ زمانہ
اور اُس کی بہارین پھر [illegible] کلیجہ پر سانپ [illegible] تا ہے -

کیا مین اُن دنون کو بھلا سکتا ہون جب سید ناصر علی[1] او [illegible] گا [illegible] تاریخ
یاد کرتے تھے - امتحان کے دن قریب آتے جاتے تھے اور ہمارے شوق اور دلی ولولے
بڑھتے چلے [illegible] تھے - ہزارون امیدون اور الوالعزم خیالات [illegible] ہوتا تھا کبھی [illegible]

نوٹ بخدا کہ مین شاعری کا دعویٰ نہین کرتا - اگرچہ میرے کلام [illegible] جو بابل مین تھا -

[1] جب مین عربی اسکول مین انٹرنس کلاس مین پڑھتا تھا تو ناصر علی صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] تھے - یہی وجہ تعارف ہوئی -
جو بڑھتے بڑھتے یگانگت اور [illegible] پہنچ گئی - ریاضی مین عمدہ ملکہ اور طبیعت مین شوخی ہے -
دوستون سے محبت اپنون سے زیادہ نباہتے ہین - آج کل ضلع انبالہ مین نائب تحصیلدار ہین -

خوف [illegible] کی [illegible] کر دیتا مگر ایک دوسرے کو ڈھارس دیتے اور پھر ہمارے
چہرے بشاش اور دل خوش ہو جاتے۔

اُس دن کی خوشی کا کیا پوچھنا ہے جب مشاعرہ بھی شریک ہوں جاڑے کے
سہانے دن - گرمی کی ٹھنڈی چاندنی راتیں - موسم بہار کی صبح و شام - برسات میں
[illegible] کوئی عمدہ موقع ہمارے [illegible] - باغ اور جنگل کے
[illegible] ہم سے زیادہ [illegible] بشاش رہتے - شاید اون کو بھی ہماری آزادی اور
نواسنجی پر رشک آتا ہو - نہر یا دریا کے کنارے [illegible] قدرت کے منظر یا باغوں کی سیر
کرتے میلوں نکل جاتے - یا سر شام کھیتوں [illegible] کی سیر کرتے [illegible] موسم بہار
کی شام کو سبزہ جنگل [illegible] باغ میں
[illegible] سبزے پر بیٹھے - ہائے یہہ جلسہ کس غضب کا پُر بہار ہوتا تھا -
ماہتاب ہمارے سر پر نکل رہا ہوتا - ہوا میں پھولوں کی بو بسی ہوئی ہوتی - ایک
طرف [illegible] مخملی فرش اور اُس پر [illegible] دو طرف [illegible] اور اسکی
[illegible] دکھائی دیتا غرض عجیب دلفریب اور دلچسپ
سین ہوتا تھا - پھر اُس پر شمس [illegible] کی [illegible] ہوتی
اشعار پڑھتے [illegible] سناتے - بے لاگ اور سچی [illegible] باغ باغ ہوتے -
مولوی محمد محسن کی سنجیدہ تقریر - متین گفتگو [illegible] خیالات - [illegible]

[illegible] کے معزز رئیسوں میں سے ہیں - میرے عزیز اور ہم عمر دوست ہیں -
[illegible] دلی کو وطن [illegible] اہل شہر سے سبقت لے گئے - [illegible] طبیعت
میں جودت اور ظرافت پیدا کی - کبھی کبھی شعر بھی کہتے ہیں اور خوب کہتے ہیں - سخن فہم اعلیٰ [illegible]
رنگینی [illegible] سے بھی مہارت پیدا کی ہے - ان کی صحافت میں کشش اور دل [illegible] قوت خداداد بھی
[illegible] اعلیٰ درجہ کے ہیں لہذا [illegible]

[illegible] محمد محسن صاحب فاروقی ضلع مراد آباد کے رہنے والے ہیں - مگر طبیعت وہ پائی ہے کہ اہل دلی بھی
رشک کرتے ہیں - کلام میں شگفتگی - متانت - اعلیٰ درجہ کی ہے - زبان [illegible] کا تتبع ہے اور اس کو پوری
خوبی سے نبھاتے ہیں - لاہور کالج سے منشی فاضل کا امتحان دیا - عربی اور دینیات [illegible]
معیار منشی فاضل سے کہیں زیادہ اور مولوی فاضل کے قریب قریب ہے - [illegible] تشریف [illegible]

اس [illegible] دلچسپی کو اور دوبالا کر دیتے اور خیال کا دامن دریائے بے پایان سے بھر دیتے -

کبھی مرزا جلیل کی صحبت سچی دوستی اور حقیقی ہمدردی کا حق ادا کرتی اور کسی فکر و تشویش کو دل میں نہ رہنے دیتی -

اب یہ باتین خواب و خیال ہین - فیض [illegible] کا زمانہ [illegible] [illegible]

[illegible] پھر وہ دن اور وہ امنگ کہان!

[illegible] مدت سے لطف صحبت کو دل ڈھونڈھتا [illegible] - اب بستر [illegible] حسن اتفاق [illegible] اس زمانہ کی یادگار مین یہ کتاب تصنیف کی ہے اور اپنی حالت اور شوق کے لحاظ سے نام تمنائی دیدار رکھا ہے - اگرچہ یہ تحفہ [illegible] اس کو آپ کے نامون سے نامزد کرتا ہون کہ ہمارے اطمینان کے زمانہ اور پاک مشاغل کی یادگار [illegible] - اور جو احباب [illegible] اس کے مطالعہ سے مسرور ہون -

درسخن پنہان شدم مانند بو در برگ گل ۔ ہر کہ دیدن میل دارد در سخن بیند مرا

خاکسار محمد سجاد مرزا بیگ

(حاشیہ متعلقہ صفحہ ب) طبیب باکمال [illegible] - اور طبیعت اچاٹ رہی - حصول علم انگریزی کی [illegible] پیدا ہوا - اور رفتہ [illegible] رشتہ دلون مین مستحکم ہوگئی - آپ کو [illegible] ہمہ صفت [illegible] مغز طباع - خوش [illegible] شخص ہین - نظم و نثر [illegible] روشن [illegible] تقریر کا مادہ بھی اعلیٰ درجہ کا ہے - چنانچہ لیکچر خوب [illegible] ہین - طبیعت پر غضب کی آمد ہے - ذہین بھی پرلے درجہ کے ہین - آجکل ریاست رامپور [illegible]

۵۱ میرزا محمد عبد الجلیل بیگ صاحب دہلی کے خاندانی شرفا مین سے ہین - حسن صورت و سیرت سے ممتاز ہین پاک باطنی اور خدا شناسی ان کا خاص جوہر ہے طبیعت مین رسائی اور بلند نظری بہت ہے - علاوہ ازین خوددار بھی ہین - میرے ہم جماعت بھی ہین اور ہم محلہ بھی - آجکل حیدرآباد مین ملازم ہین - اور جب راقم حیدرآباد مین تھا تو ان کی محبت مغتنمات سے تھی - وہان ان [illegible] محبت کا اثر [illegible] ہونے دیا - اور اکثر سچی دوستی کے ثبوت ظاہر ہوئے - [illegible] پر جب مین علیل اور تنہا تھا - اس وقت مجھکو [illegible] پڑتا ہے کہ صلاحیت و سعادت کی وہ تصویر ۲۸ ربیع الاول ۱۳۱۸ھ سے فردوس کی نمایش گاہ مین ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ز لاف حمد و نعت او لاست بر خاک [illegible] سجودے مے توان کرد [illegible] ے مے توان گفتن

[illegible]

حدیث عشق شد زیب بیانم - چو شمع افتاد آتش اندر زبانم -
قلم از جوش این مے شد بہ مست ز من عشقے بہر جا عاشقی ہست

باب اوّل

دل اُس بت پہ شیدا ہوا چاہتا ہے خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے

"مسٹر ناصر"

"کون"

"کیا میں اب نام بھی بتاؤں"

"بھلا آیا"

"جلدی آؤ اگر تم نہیں آتے تو فینہ آتا ہے"

[illegible] لون -

"[illegible] ہے"

"[illegible] ابھی آیا"

"نماز بھی [illegible] ین نماز پڑھنے کا ثواب [illegible] ہے"

"وقت [illegible] تم آپ ہی دیر لگا رہے ہو"

پانچ منٹ کے بعد مسٹر ناصر [illegible] زرد اچکن کی شیروانی ترکی ٹوپی پتلون نما پاجامہ - نہایت عمدہ ولایتی بوٹ ڈانٹ سگار اڑاتے گھر [illegible] اخلاق سے دونون نے مصافحہ کیا اور ڈرائنگ کے [illegible] چل [illegible]

صبح سے مینہ نے آنکھہ نہین کھولی کبھی کم اور کبھی زیادہ برابر برستا رہا - خدا خدا کرکے کہین چار بجے ذرا تھما تو بے چین طبیعتون کو جو دن بھر گھر مین بیٹھے بیٹھے اکتا رہی تھین فرصت ملی کہ سبزہ زار اور باغون کی بہار سے اپنا دل بہلائین - موسم برسات اُن لوگون [illegible] ہوتا ہے جو نیچر کی بے انتہا خوشنمائیون سے اپنا دل بہلاتے ہین کالی کالی گھٹا کا آنا - سبزہ کا لہرانا - ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کا چلنا - پرندون کا طرارے بھرنا - ابر تر کی پھوار - خودرو پودون کی بہار - چشم نظارگیان سے اُن تمام مصنوعی تراشن و خراشن کو گرا دیتے ہے جو مالیون کے سگھڑ ہاتھہ اپنی ہنرمندی کا نمونہ دکھانے کے لئے بڑی جد و جہد سے پیدا کرتے ہین -

حامد جس کی طبیعت مین خدا نے یہہ مذاق کوٹ کوٹ کر بھرا تھا مینہ تھمتے ہی گھر سے نکلا اور ناصر کے ساتھہ تفریح طبع کے لئے ٹھنڈی سڑک پر ہو لیا - پھر یہہ دو نوجوان اُس سڑک پر مڑے جو قلعہ کے نیچے نیچے جامع مسجد سے لیکر دریا سے جمنا تک پہونچ جاتی ہے - اس سڑک کے کنارہ اسلامی شان و شوکت کی ایک نشانی ابتک باقی ہے جو سنہری مسجد کے نام سے مشہور ہے یہہ خوبصورت دلکشا مسجد سر سے پاؤن تک سنگ باسی کی بنی ہوئی ہے - اور اس کی مینار نہایت خوبصورتی سے بنائے گئے ہین - میناروں کی کلسیان سنہری ہین سچ بھی سنہری تھے مگر شکستگی کے [illegible]

[illegible] کے برج [illegible] کے اندر [illegible] دیوارونپر سنہری کام [illegible]
سے کیا ہوا تہا ؎

زہے صفائی عمارت کہ در تماشایش
بدیدہ باز نہ گردد نگاہ از دیوار

قدیم زمانہ مین اس مسجد کے متعلق ایک حوض بہی تہا۔ لیکن اب زمانہ نے اُس کا نشان تک صفحہ ہستی [illegible] ہو ڈالا۔ البتہ مسجد کی پیشانی سے اُس کے بانی کا نام ابتک روز روشن کیطرح چمک رہا ہے۔

وَهُوَ هٰذا

شکر حق در عہد احمد شاہ غازی پادشاہ
خلق پرورد او گر شاہان عالم را پناہ

مسجدے کردہ بنا نواب قدسی منزلت
باد دائم فیض عام آن ملائک سجدہ گاہ

سعی نواب بہادر صاحب لطف و کرم
ساخت تعمیرے چنین جاوید عالی دستگاہ

چاہ و حوض صاف صحنش آبرو زمزم آمدست
ہر کہ از آبش طہارت کرد شد پاک از گنہ

سال تاریخش چہ خرم یافت از الہام غیب
مسجد بیت المقدس مطلع نور الہ۔

پہر دو نوں نوجوان آہستہ آہستہ باتین کرتے اس مسجد تک پہونچے اور چند سیڑھیاں چڑہنے کے بعد مسجد کے دروازے کی چہت پر جا بیٹھے۔ اس وقت [illegible] بہار دیکھنے کے قابل تھی۔ اندازاً شام کے چھ بج چکے تھے اور آفتاب ڈہلتے ڈہلتے افق مین پہونچ گیا تہا۔ ابر بہی جا بجا سے پہٹ گیا تہا۔ اور آہستہ آہستہ ہوا کے جہونکے نہایت سرعت کے ساتھ بادلون کے پہٹے پہٹے ٹکڑون کو اڑاے لئے جاتی تہی۔ ابر کے ہٹ جانے سے دن بہر کے بعد آفتاب نے بہی جہلک دکہائی اور زرد زرد کرنین مسجد کے برجون پر اور نہائے دہوئے درختون کی چوٹیون پر پڑ رہی تہین۔ چونکہ آفتاب کی شعاعین زمین پر نہ گرتی تہین اس سبب سے کرہ ہوائی کا بالائی حصہ سطح زمین کی نسبت کسیقدر زیادہ روشن تہا۔ حامد نے اس وقت کا سمان لوٹنے کے لئے چارون طرف سرسری نظر ڈالی اور جہان تک اُس کی نظرین پہونچ سکتی تہین نیچے کی

[illegible]

[illegible] گر افسوس کہ زمانہ ان کی نقشون کو بے مہر خو بر [illegible]

وفا [illegible] تا [illegible] یہہ عمارت [illegible]

ہین جو اس وقت اس مقام کے حسن کو دو بالا کئے ہوتے ہین۔ قلعہ کے نیچے دریائے جمن لہرین مارتا ہوا نظر آرہا ہے اور اُس کی کنارہ ایک نیلگون کوٹھی حامد کے دلکو للچا رہی ہے کہ اُس کی پاس کیون نہ ہوتی۔ شمال مین کوٹھی سے ذرا [illegible] سنسان سڑک فیض بازار تک جاتی ہے۔ اس سڑک کے کنارہ کنارہ دو نو طرف خوشنما درخت اس طرح چھپائے ہوتے ہین کہ موسم گر[ما مین آ]فتاب کی شعاعین بڑی جدوجہد سے سڑک پر پڑتی ہون گی۔ درختون کے نیچے نیچے مہدی کے چھوٹے چھوٹے [illegible] لگے ہوئے تھے جن کو مالی ہمیشہ ہمقدر رکھتا ہے۔ اس سڑک سے ذرا فاصلہ پر درختون کی دوسری طرف ایک چھوٹی سی نہر عین سنہری مسجد کے نیچے سے ہو کر نکلتی ہے اور دور تک چلی جاتی ہے۔ نہر کے مغرب کی جانب تھوڑی دور تک سبزہ لہلہا رہا ہے اور اُس سبزہ مین بجری کی دو سرخ سرخ سڑکین بخط متوازی واقع ہین اور اون کے درمیان کنکر کی سڑک کٹی ہوئی ہے جو ٹھنڈی سڑک کے نام سے مشہور ہے۔ اس سڑک سے پرے جامع مسجد تک پھر وہی سبزہ کی بہارین ہین۔

دیکھتے ہی دیکھتے سین کا رنگ پلٹا کیونکہ آفتاب غروب ہونے لگا۔ اور بھورے بھورے بادلون نے نہایت شوخ قرمزی رنگ اختیار کیا۔ دریائے جمنا کی طرف افق مین آگ سی لگ اٹھی اور چارون طرف قدرت نے ایک سرخ مہتاب چھوڑ دی۔ قلعہ کے لال لال کنگرہ شفق مین ڈوبے ہوتے نظر آنے لگے اور زمین سے آسمان تک ایک سرخ روشن چادر تنی ہوئی معلوم ہوتی۔ سبزہ کی ہریاول۔ شفق۔ عمارات۔ اور بجری کی سڑک کی سُرخی دریائے جمن اور چھوٹی خوشنما نہر کے نیلگون پانی مین اون کی سرخ عکس کا لہرانا

سے ذرا ہٹا یا [illegible] اور نماز مغرب ادا کی [illegible]

ناصر [illegible] منظر کی آخری بہار دیکھنے کے

لیئے زینہ [illegible] ایک وسیع نظر ڈالی تو جامع مسجد کے برج کی عین سیدہ مین ماہ ربیع الاول

کی پہلی رات کا چاند نہایت خوشنمائی سے جلوہ افروز نظر آیا۔ اب یہہ دو نوگھر واپس آ[illegible]

کے لیئے روانہ ہوئے اور ہاتہہ مین ہاتہہ ڈالے باتین کرتے آہستہ آہستہ قدم اُٹھاتے

[illegible] تک پہونچے۔

ناصر اب مین رخصت چاہتا ہون۔

حامد ابہی سے۔

ناصر گہر ہی آگیا۔

حامد یہہ تو مین بہی جانتا ہون کہ آپ کا دولت خانہ قریب ہے۔

ناصر لہذا رخصت۔ کل پہر ملین گے۔

حامد اجی آپ ہین کس خیال مین۔ اب مین آپ کو کب چہوڑتا ہون۔

ناصر کیا تہانہ مین لے چلوگے۔

حامد ہان بہائی محمود کا [illegible] کہ تمہین جبراً اُن تک لے چلون۔

ناصر ابہی تو اُن کو بیوی ہی ملی ہے جب مجسٹریٹی ملیگی تب ہی کسی پر زور کرینگے

حامد آپکے نزدیک بیوی ہے اون کے نزدیک تو بادشاہت مل گئی ہے قسمت والے

ناصر مَن جَدَّ وَجَدَ۔

حامد آج رات وہ اپنی کامیابی کا جشن کرینگے۔

ناصر تین دن کے بعد۔

نوٹ۔ جس نے کوشش کی اوس نے پایا۔

[illegible]

مشغول رہو ہم نہیں [illegible]

اب یہہ کیونکر ممکن ہے کہ تم نہ ہو - اگر آپ نہ چلیں گے تو رنج ہوگا -

ناصر (ذرا سوچ کر) اچھا آدہے گھنٹے [illegible] آؤن گا -

حامد ایسے جلسے[51] کسی اور کو دینا -

ناصر نہیں مین ضرور آؤن گا کے بجے شروع ہوگا ؟

حامد تقریبا دس بجے مگر آپ دس بجے کا نام سنکر کہین کاہل تو نہین ہوگئے کہ چلے رہین گے سچون آدہی ہی گھنٹہ مین آنا - ورنہ مین دوبارہ آؤنگا بچ سکو یہ ممکن ہی نہین -

ناصر عجب وہمی ہو - انشاء اللہ ضرور آؤن گا - السلام وعلیکم -

حامد (ایک قدم بڑہا کر) وعلیکم السلام (پہر مڑ کر) دیکہو یاد رکہنا -

ناصر ضرور -

حامد - قدم بڑہا کر گہر کی طرف راہی ہوا اور تہوڑی دیر مین نواب زینت محل کے کمرہ مین پہونچا - یہہ عالیشان عمارت نواب زینت محل بیگم صاحبہ کی بنوائی ہوئی شہر دہلی مین واقع ہے - فتح[52] دہلی کے بعد سرکار انگریزی نے مہاراجہ پٹیالہ کو عطا فرمادی اور اب صرف اس کام کی ہے کہ شہر مین کوئی بڑی شادی یا کوئی اور تقریب ہوتی ہے تو داروغہ سے اجازت لیکر اوس مین کی جاتی ہے ؎

"کشتوں کا تیرے چشم سیہ مست کے مزار   ہوگا خراب بہی تو خرابات ہووے گا"

یہ عمارت تین حصون مین منقسم ہے - لاکہوری پر لب سڑک ایک عالیشان دروازہ اور اوس کے اوپر ایک بڑا سا خوشنما کمرہ پہر کمرہ کے آگے صحن چہوڑ کر چارون طرف اصطبل

---

[51] جلسہ - دام یا فریب دینا - دہوکہ - بلاقی سے بچانا -

[52] از آب حیات -

[illegible]

خوشنمائی ہوئی ہے - دو طرفہ اونچے اونچے چبوترون پر دوہرے شہ
اور شہ نشین پہلوؤن پر کمرہ اور صحن چیان - چبوترہ کے وسط مین سنگ مرمر
کا حوض صحن مین خوبصورت نہر دو نو طرف باغیچہ اور روشین اور بڑے بڑے کمرہ
اس محل سرا کی ایک جانب ایک اور مکان ہے جس کا ایک دروازہ محل سرا مین ہے
اور دوسرا فراش خانہ بازار مین یہہ مکان مردانہ مکان قرار دیا گیا تھا ا۔ آج رات
ناچ بھی اوس ہی مین ہونے والا تھا - محل سرا مین زنانہ تھا اور کل تک اوس بن
کنبہ رشتہ کی عورتین بکثرت مہمان آئی ہوئی تھین - مگر آج صرف قریب ہی کے
تھوڑے سے رشتہ دار تھے - باہر کا کمرہ محمود اور اُس کے چھوٹے بھائی حامد
کے پاس تھا اور دوست و احباب بھی اکثر اسی کمرہ مین آیا جایا کرتے تھے - کمرہ مکلّف
فرش اور آئینون سے آراستہ تھا اور اُس مین چند گلوب وال لیمپ جل رہے
تھے - جن سے صحن مین بھی کافی روشنی تھی - محمود مع چند احباب کے صحن مین کرسیان
بچھائے ہنسی خوشی باتین کر رہا تھا - اور چونکہ کمرہ مین گرمی تھی لہذا اس وقت
وہ خالی چھوڑ دیا گیا تھا -

محل سرا کے سجانے مین کوئی کسر اٹھا نہین رکھی گئی تھی - دالانون مین سفید
ستھری صاف صاف چاندنیان بچھی ہوئی تھین - اور گاؤ تکیہ دیوارون کے
برابر رکھے ہوئے تھے - جھاڑ فانوس کی روشنی نے رات کو دن کر دکھایا تھا صحن
مین حوض کے گوشون اور باغیچہ کے چارون طرف لال ٹینین روشن تھین اور
جا بجا آرام کرسیان بچھی ہوئی تھین تاکہ مہمانون کو نہر اور باغیچہ کی سیر کی لطف اٹھانے
مین آرام دین - مردانہ مکان مین نوکر چاکر جلدی جلدی فرش درست کر رہے تھے
اور لیمپ وہنڈیان وغیرہ روشنی کا سامان ترتیب ترتیب سے آویزان کر کے
جلا رہے تھے - حامد بھی محمود کے برابر ہی ایک کرسی پر ہو بیٹھا اور
دوستون سے باتین کرنے لگا - اتنے مین اندر سے ایک ماما نکلی اور حامد کو

دیکھ کر کہنے لگی [illegible]

حامد کیون -

ماما یون ہی

[illegible] (مسکرا کر) مین اندر [illegible] پردہ تو نہین -

ماما واری اچہو سب مہان گئے صرف [illegible] ہی اپنے باقی ہین -

حامد اری پردہ تو نہین -

ماما اے کہہ تو دیا شوق سے جاؤ کوئی نہین -

حامد اندر داخل ہوا اور لب عرض کرسی گھسیٹکر بیٹھ گیا اور دوسری کرسی پر پاؤن پھیلا دئے -

حامد اس وقت اپنی عمر کے اٹھارہوین سال مین تہا - مگر چونکہ وہ نہایت تندرست اور صحیح المزاج تہا اس سبب سے اُس کی عمر کے اندازہ کرنے مین ناواقف آنکھین غلطی کرتی تہین - اور اون کی نظر مین وہ اپنی اصل عمر سے دو تین برس زیادہ تہا - خدا نے اوس کو حُسن صورت و سیرت سے شرف دیا تہا اگرچہ وہ بہت گورا نہ تہا مگر اوس کا گندمی رنگ خوبصورت اور بڑی بڑی آنکھین خط و خال کی خوشنمائی ہاتھہ پیرون کی موزونیت ایسی تہی کہ دیکھنے والے اوسے پسند کرتے تھے - اس کے علاوہ انتہا کا خلیق - شایستہ - مہذب - نیک مزاج - صاف باطن - خوش خلق - خندہ پیشانی لڑکا تہا شرف علم سے بہی بے بہرہ نہ تہا - اوس کی باتین بڑی غضب کی تہین - متانت اور سنجیدگی کے ساتھہ ایسا مذاق تہا کہ کسی کو ناگوار ہی نہ ہوتا تہا - علاوہ ازین اُس کی خصلت نے اپنی ہمراہیون کے دلون مین جگہ کر لی تہی - غرض اوس کی ادائین فرداً فرداً نہین تو مجموعتاً تو ضرور اس قابل تہین کہ بزرگون سے شفقت - دوستون سے [illegible] - [illegible] سے محبت [illegible] دشمنی [illegible] لیتی تہین - ممکن نہ تہا کہ کوئی شخص دو چار بار [illegible] ملے اور اوس کا گرویدہ نہ ہو جاتے -

[illegible]

کسی سے کچھہ کہنے کا ارادہ کیا اور کسی نہ کسی کام مین دیکھکر خاموش ہو رہا اتنے مین ایک خادمہ سامنے سے گذری۔

[illegible] مجھے پانی پلا جا۔

[illegible] بھلا میان آئے ذرا پانون کو کہ آؤن۔

[illegible] نے تھوڑی دیر انتظار کیا مگر جب ماما نہ پھری تو اوس نے پکار کر کہا کہ کوئی مجھے پانی پلا جائے۔ تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ کسی نے اپنے گورے گورے نازک ہاتون سے ایک برف کا گلاس پیش کیا۔ حامد نے گلاس ہاتھہ مین لیا اور ایک گھونٹ پیکر گویا پانی کو زیادہ ٹھنڈا کرنے کے لئے ٹھہر گیا۔ اور دزدیدہ نگاہ سے اُس نازنین کو دیکھتا رہا۔

یہہ نازنین دوشیزہ لڑکی بلا کی خوبصورت تھی اور انتہا درجہ کی باحیا۔ مجلس مین ہر ایک آنکھہ اوسی پر پڑتی تھی اور ہر زبان پر اوسی کا ذکر تھا ؎

ندانم آن گل خندان چہ رنگ و بو دارد — کہ مرغ ہر چمنے گفتگوئے او دارد

ابھی تیرہوان برس پورا نہ ہوا تھا۔ پر حُسن خداداد کی بہارین حد کمال تک پہونچنے لگین تھین۔ سادگی اور بھولا پن جو اس لڑکی کی سرشت مین تھا۔ خصوصا اوس قوت کا کام دیتا تھا۔ جو اپنی طرف ہر ایک کی توجہ کھینچ لینے مین مقناطیس کا حکم رکھتی ہے گورا گورا رنگ گلاب جیسی رخسارے۔ پتلے پتلے سُرخ ہونٹ نازک نازک ہاتھہ پاؤن خوبصورت۔ باحیا آنکھین۔ طرحدار کشیدہ ابرو۔ علاوہ ازین نزاکت ان سب پر فوق رکھتی تھی۔

جادو صفتے مہ تبسم فریبے — گر اشتہ در جہان ستمگرے

ہوش صفتے کہ تاب رخسار — مہتاب نمودہ در شب تار

بلقیس سچ ہے بڑی بات ہے ۔

حامد یہ کیوں

بلقیس تم میں کشش ہی اس بلا کی ہے کہ کوئی تم سے علیحدہ رہنا نہیں چاہتا

حامد خوب کیا مجھ میں مقناطیسی قوت ہے ۔

بلقیس ہاں بھائی ہے تو کچھ ایسا ہی ہر ایک تم سے اعتدال سے زیادہ محبت کرتا ہے ۔

حامد چونکہ تم کو عرصے کے بعد دیکھا ہے اس سے یہ خیال ہے ۔

بلقیس نہیں نہیں ایسے آزما کر دیکھا ہے عمر بھی تم سے بہت کچھ محبت کرتے ہیں دیکھو میری بڑی پھوپھی اور ان کے بیٹے دولو تم کو کیسا چاہتے ہیں ۔ اپنے بچوں کی طرح سمجھتے ہیں ۔ جب جب تمہارا ذکر آتا ہے یہی کہتے ہیں کہ ہم کو تو ساری دنیا سے زیادہ کوئی محبت نہیں ۔

حامد بزرگ شفقت کیا ہی کرتے ہیں

بلقیس آخر کیوں ہیں اور بھی تو لڑکے ہیں تم ہی میں کیا سرخاب کا پر لگا

حامد پھر یہ اپنی اپنی قسمت ہے کس کو کون رشک سدا ہوا ۔

بلقیس یہی تو میں بھی کہتی ہوں کہ تمہارے ستارہ میں یہ بات ہے یا کوئی سحر کا عمل پڑھتے ہو اور صرف بزرگوں ہی پر کیا منحصر ہے چھوٹے بڑے اپنے پرائے سب کا تمہاری تعریف میں رطب اللسان ہوتا ہے ۔ خالہ اماں کی دونوں بیٹیاں تم سے کیسی محبت کرتی ہیں ۔

حامد یک نہ شد دو شد ۔ خواہ مخواہ دل کسی کو بدنام کرتی ہو ۔

بلقیس میں کیا جھوٹ کہتی ہوں ہمارا ایسا ہی سر پھرا ہے ۔ دیکھو ابھی ان سے ... تمہاری ... بیمار کر دی ۔

حامد ضرور ... ابھی آپڑی ہی ... مجھ کو برا لگتا ہی ۔

بلقیس [illegible]
اور آپ کے کام میں مصروف - ہمارا فرا سا کام نہ کرو ہیں -

حامد میں تو اس کا مشکل سے یقین کروں گا -

بلقیس شرارت کرو ہوتا ہی کیا ہے پھر تو وہ[1] ہی کہتے ہیں کہ ہمیں اپنے سسرال بھر میں زیادہ تر حامد عزیز ہے - بن جاہ مخواہ کوئی بات نکالا اون سے بحث کیا کرتا ہوں اون کی تیزی طبع سے بہراول خوش ہوتا ہے -

حامد وہ کون ؟

بلقیس کیا بچارے بہولے ہیں - یہی تو بہت دانی ہے -

حامد خیر جو ہوں اون کی عنایت ہے -

بلقیس اب ہوشیار ہو جاؤ تمہارا نمبر آگیا ہے -

حامد مرحبا !

بلقیس آج ہی ذکر ہو رہا تہا کہ اس سال حامد کا گھر بھی بسا دیا جائے

حامد الحمد للہ میرا گھر تو اب بھی بسا ہوا ہے -

بلقیس تمہیں اچھا لگتا ہے کہ سب کی شادی ہو جائے اور آپ لنڈورے ہی رہیں -

حامد چوہا لنڈورا ہی بھلا -

بلقیس اب کوئی دم میں دم سے جہاج ہونے گا -

حامد دل میں تو میں خود ہی نہیں سماتا دم سے جہاج کیا مانند ہوں -

بلقیس یہ کیوں ؟

حامد بے زرحتق ٹس ٹس -

بلقیس اوروں کے پاس کو نسا زر تہا خاموں حال کو زندہ رکہے

نوٹ [1] ہندوستان میں عورتیں خاوند کا نام نہیں لیتیں بلکہ ضمیر استعمال کرتی ہیں -

حامد — میرے اور تمہارے حالات میں بڑا فرق ہے - اس میں کچھ شک نہیں
میں نہیں چاہتا کہ جب تک اپنی دوست دار سے شادی کر سکوں اپنا دلی حرج بھی زیادہ
بڑھاؤں - جو جا بجا اتنا بڑا بھاری بوجھ اٹھانا - علاوہ ازیں جب تک میری مرضی کے
موافق ہو میں کرنا چاہوں - مگر یہ تو ممکن ہے کہ کوئی میری مرضی کے موافق ہو یہ کیونکر
ہوگا کہ میں بھی اوس کے مرضی کے موافق ہوں - اگر مجھے ذرا بھی یہ معلوم ہو کہ جسکے
میرے ساتھ زندگی کی ایک ایسی حالت گذر رہی ہے جو مجھ سے ناراضا ہے تو میں عمر
بھر بھی نہ کروں گا - خواہ میں اوس کا عاشق زار ہی کیوں نہ ہوں - کیونکہ اپنے دل کی
سی حالت اوروں کی بھی جانتا ہوں اور جب میں آزادی کو زیادہ پسند کرتا ہوں تو یہ کیونکر
روا ہو سکتا ہے کہ دوسرے کا ادنکی مرضی کے خلاف مجبور ہونا پسند کروں اور ایسی
حالتوں میں بھی کبھی خوش نہیں رہ سکتا -

بلقیس — (سسکیاں) [illegible] شادی [illegible] لوگ
نہیں کہتیں کہ [illegible] خدا [illegible]
[illegible] ظاہر [illegible] بالکل بے پرواہ ہو جائے [illegible]
[illegible] اٹھ کر [illegible]

حامد — [illegible] کروں گا

بلقیس — [illegible] ہی نہیں -

حامد — [illegible] آ رہی ہیں اور [illegible]
[illegible] اور [illegible]
اوس [illegible] لگاؤں گا [illegible] اور میں [illegible]
[illegible] کیا کروں -

بلقیس — وہ کیا میں ہی نہ ہوں -

حامد — یہ وقت تماشے کا نہیں دیوار گوش دارد آہستہ لب کشا -

۵

بلقیس — اس وقت تم نے مجھے ڈرا دیا۔

حامد — اگر خداوند تعالیٰ دو فرمائے تو ڈرنے کے قابل تو کوئی بات نہیں ہاں ڈول کچھ ایسا بیڈھب آپڑا ہے کہ نہ خاموش رہا جاتا ہے نہ کچھ کہا جا سکتا ہے مگر آپ اور اپنی کارروائیوں کو پسند ہیں تو میں کہوں کہ قابل ہوں۔

دالان میں سے ایک ادھیڑ عمر عورت جس کا عمر سا پینتالیس برس کا تھا نکلے اور اس کے پیچھے پیچھے وہی نازنین دلربا ایک بانکی ادا سے دوپٹہ سنبھالتی چلی۔ اوس نے کن انکھیوں سے حامد کی طرف دیکھا اور پھر نظر نیچی کر کے جستہ جستہ ایک ایک قدم اوسی عورت کے ساتھ داخل ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ ایک چینی کے قاب میں کچھ میوے اور مٹھائی نہایت خوبصورتی سے چن کر لائی ہوئی معلوم ہوئی۔

پھر وہ کے پاس آ کر وہ ذرا ٹھٹکی۔ اور مڑ کر اسی عورت کی طرف دیکھا تو اوس نے پکار کر کہا۔ حامد بیٹا۔ تم نے صبح کو بھی جلدی میں کچھ نہیں کھایا تھا بھوک لگی ہوگی کھانے میں تو ابھی دیر ہے تو یہ مٹھائی کھا لو۔ جب یہ آواز حامد کے کان میں پہنچ چکی تو اوس نے نہایت آہستہ سے جو پھر رفتہ قدم رکھا اور حیا دامنگیر ہوا کہ حامد کے ہاتھ میں قاب میں دے مگر حیا مانع ہوئی اوس نے پھر آہستہ کی مگر سامنے رکھا آخر اوس نے بلقیس کی کرسی کے پاس جا کر اپنا نازک ہاتھ اوسکے کندھے پر رکھ کر کہا آپا تو یہ آپ ہی دے دو۔ اس اثنا میں حامد کی نظر میں اس پری جمال کے ساتھ ماجرا رہا۔ اس کی ایک ایک ادا کو غور سے دیکھا کیں۔ قاب دے کر اوس نے اندر جانے کا ارادہ کیا پر بلقیس نے اوسکے ہاتھ کو تھام لیا۔ اور نہ جانے دیا۔

بلقیس — اس وقت تم کیوں اندر گھسی جاتی ہو۔ دیکھو بھائی کہتے ہیں
ہوا ستی

نازنین — جی ہاں۔ سب دیکھ رہے ہیں۔ مجھے۔ میں بھی بیٹھی رہی۔

بلقیس — تمہارا بھائی جان جی تو نہیں گھبرایا۔

نازیں — جی کیوں گھبراتا آخر یہ بھی تو گھر ہے۔

یہ کہکر اوس نے پھر اُٹھنے کا ارادہ کیا اور بلقیس نے دوبارہ روکا۔

بلقیس — ہائیں پھر چلیں کیا ہم سے کچھ خفا ہو۔

نازیں — (شرما کر) خفا کیوں ہونے لگی تھی۔ بھابی اندر اکیلی بیٹھی ہیں اُن بیچاری کا اور جی گھبرائے گا۔ اپنے دل میں کیا کہیں گی۔

حامد — (بلقیس سے) بھابی جان کا مزاج تو ابھی کیا معلوم ہونا تھا مگر ہاں صورت کیسی ہے۔

بلقیس — (نازیں لڑکی کی طرف اشارہ کرکے) یہ اون کے مصاحب ہیں ان سے پوچھو۔

نازیں — (بلقیس سے) کیوں کیا آپ نے اون کو نہیں دیکھا۔

حامد — مگر تمہاری نسبت تو کم

نازیں — (بہت سہمی آواز سے) خاصی اچھی ہے۔

حامد — اور عادت۔

نازیں — (بھولی بھولی ادا سے) اس کی سمجھ کیا خبر ابھی تو وہ کسی سے بات بھی نہیں کرتیں۔ یہ کہکر وہ جلدی سے اُٹھی اور دالان کے اندر چلی گئی۔

حامد نے گھڑی نکالکر دیکھی تو ساڑھے آٹھ بجے تھے وہ جلدی سے ٹوپی پہن باہر نکل آیا۔ اس وقت سب احباب حامد کے پاس جمع تھے مردانہ مکان میں جلسے کے لئے تیاری تھی۔ صرف ناصر اور جہاد اور دوستوں کا انتظار رہا۔ جن سے شریک جلسہ ہونے کا اقرار لیا گیا تھا۔

مُجّو — (حامد سے) ناصر آئیں گے یا نہیں۔

حامد — آئیں گے کہہ کا وعدہ ہارا اور زیادہ وقت گذر گیا۔ ابھی تک نہیں آئے

دوسرا اگر اون کے آنے میں دیر ابھی ہو تو سہیدار کو بھیج دیا جائے
وہ بغیر ساتھ لائے نہ چھوڑے گا

تیسرا بہتر وہ آپ ہی چلے آئیں گے۔

حامد تھوڑی دیر اور انتظار کرنا چاہیے ابھی کچھ ایسی دیر نہیں ہوئی

وقت گذرتا جاتا تھا اور ناصر کی عدم حاضری سے احباب کا اضطراب بڑھتا جاتا تھا۔ گھنٹہ نے دس بجائے اور ساتھ ہی ایک نازک سریلی آواز ہوا میں گونجتی ہوئی دور دور نکل گئی۔

وھو ھذا

غزل

ناز و تمکیں ہے وہاں صبر کی یاں تاب نہیں — یہی صورت ہے تو کچھ جینے کے اسباب نہیں
طرفہ نیرنگ محبت میں نظر آتے ہیں — در آنکھوں سے ٹپکی ہوئی خوناب نہیں
ہائے وہ شوق ملاقات عدم میں جا کے — جس کی آنکھوں کے تصور میں مجھے خواب نہیں
جاں کی شکل دکھائی ہے تب اک تجھ کو — دل کی تصویر دکھائی ہے یہ سیماب نہیں
ہجر و وصل میں کہیں آرام نہیں خاطر خواہ — بحر میں جا رہیں وحشت میں گرداب نہیں
غمزہ و ناز و عتاب اور عشوہ ہی یا بیداد — جس یاں دل ہے سو یاد ہمیں آداب نہیں
شیفتہ عشق کی یہ دھوم اور اتنی حسرت — دل بیتاب نہیں دیدہ بے خواب نہیں

دیگر

محبت جادۂ وار دنہاں در خلوت دلہا — جو یار سجدہ کم گرد ما اس رہ سر مستم ملا
تو چون ساقی سوی در وقت طرب باد — بقدر جگر یا شد وسعت آغوش ساغرہا
بشمع روشنی این کلبۂ تار التجا دارد — اگر دل در گذار آید تو آں جلوہ گر گلہا
تو رہ ار کہ بت اساس سجود ننگ سازی — ازانجا چو بوسہ کل رہا کردند محکمہا
بہ ہفتاد و دو ملت گردش چشم تو بسازد — بہ یک پیمانہ رنگیں داد یک سر محکمہا

پس از مردن چو شمع کشته روشن شد چراغ ما را   که در هر دیده بیدار پنهان بود جانانها

علی الشیب مے تیز از دہ جام و سبو دارد

الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا

باب ۲ دوم

ف۱
تموت مع المرء حاجاته ※ وتبقى له حاجة ما بقی

تروح وتغدو لحاجاتنا وحاجة من عاش لا تنقضي

کسی حکیم کا قول ہے کہ انسان کا دل جلتی ہوئی بھٹی کے مانند ہے جس طرح بھڑکی ہوئی شعلہ کسی نہ کسی چیز کو سلگائے رکھتی ہیں اسی طرح دل بھی ہر وقت ایک نہ ایک [illegible] رہتا ہے۔ خواہ انسان چاہے کام کرنا چھوڑ دیں۔ اور ایسا کونسا بشر ہوگا کہ چوبیس گھنٹہ میں ایک دم بھی لیتا ہو مگر چاہے کہ دل اپنی سوچ بچار سے غافل ہو تو کیا مجال۔ استد لعیع و دیع صبر کی ادھیڑ بن۔ حصول مطالب کی خوشی۔ ناکامی کا رنج۔ آیندہ کی تدابیر تلافی مافات کا خیال وہ عظیم مہمات ہیں جن کی سرانجام سے طبیعت کو ایک لمحہ فرصت نہیں ملتی۔ ہر طبقہ اور ہر حالت میں انسان کی اعلیٰ درجہ کی کوششیں ہمیشہ اس امر پر مبنی ہوتی ہیں کہ اطمینان کی وہ حالت میسر ہو جو استغنا اور بے پروائی کے مراتب عالیہ تک پہونچا دے اور اسی خیال سے ہر ایک شخص حتی الوسع اپنے تئیں زیادہ خوش حال بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ اور بظاہر وہ پہلے کی نسبت زیادہ خوش حال بھی معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اگر دریافت کیا جائے کہ اُس کی اندرونی خواہشات اور آرزوئیں کس قدر کم ہوئی یا اُس نے دلی اطمینان یا استغنا کے حاصل کرنے میں کس قدر

نوٹ ف۱ انسان کی خواہشیں انسان کے ساتھ مرنے تک ہیں جب تک وہ زندہ ہے کوئی نہ کوئی خواہش اوس کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ ہر ایک کا مدعا اپنا ہے صبح و شام سرگرم ہیں اور جب تک زندہ ہے اوس کا کام تمام نہیں ہوسکتا

ہوتی جاتی ہے اندرونی پریشانیاں اور تکالیف زیادہ ہوتی جاتی ہیں بات یہ ہے کہ اگر انسان کی ظاہری ترقی کے ساتھ اوس کی آرزوئیں بھی پاؤں نہ پھیلاتیں۔ تو ممکن تھا کہ کسی خاص حد تک پہونچکر اُس کو فراغت حاصل ہوتی۔ مگر خواہشات کا ایسا نا تمام سلسلہ ہے کہ بادشاہ اور فقیر تارک الدنیا اور نادار سب کو یکساں اپنے گھیرے میں لئے ہوئے ہے۔ سکندر نے اپنی سکندری کے زعم میں لکھ تو دیا تھا کہ میں اگر سکندر نہ ہوتا تو خدا سے دیوجانس[۱] ہونے کی دعا کرتا مگر مرتے دم تک کبھی بھی اوس کو یہ بے فکری نصیب نہ ہوئی جو دیوجانس کو میسر تھی

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

محمود کی شادی ہو چکی تھی اور اب چاہیئے تھا کہ عمر بھر کے لئے دنیا بھر کے تفکرات سے نجات ہو جاتا۔ کیونکہ اس سے پہلے رات دن یہی لو لگی ہوئی تھی اور وہ خود کہتا تھا کہ اگر دنیا میں کوئی آرزو ہے تو پیاری جہاں آرا کی دلفریب صورت کا ادا اور نظارہ کرنے کی تمنا ہے اور اس خواہش میں وہ ایسا از خود رفتہ اور محو تھا کہ اوس کو کسی خوشی کی خوشی تھی اور نہ رنج کا رنج کیونکہ درد فراق نے ہر ایک [۲] شئی کو دل سے مٹا دیا تھا۔ نکاح سے دو تین دن پہلے ایف۔ اے۔ کا ریزلٹ نکلا

نوٹ ۱؎ شہر کورنتھ (یونان) میں ایک فلسفی حکیم دیوجانس نامی تھا۔ یہ حکیم جامہ و اسباب سے بے پرواہ زندگی بسر کرتا تھا۔ بہت ہی معمولی کھانا کھاتا اور پھٹے پرانے کپڑے پہنتا اور صرف ایک ٹب اوس پر سایہ کئے تھا اور اسی ادنی حالت میں رہنے کے سبب دیوجانس کلبی کہلاتا تھا۔ سکندر شہر کورنتھ میں گیا۔ تو اس کے گرد اہل شہر کے بڑے بڑے حکیم اور فلسفی مبارکباد کیلئے آئے مگر دیوجانس کلبی نہ آیا سکندر خود اُس سے ملنے گیا۔ یہ حکیم اس وقت دھوپ میں لیٹا تھا۔ ہجوم آدمیوں کو اپنے پاس آتے دیکھکر ذرا اٹھ بیٹھا۔ سکندر نے بہت اخلاق سے اوس کے ساتھ گفتگو کی اور کہا کہ آپ کوئی حاجت ہو تو فرمائیں۔ اس نے جواب دیا کہ آپ ذرا ہٹ جائیں کہ دھوپ رکی ہے۔ یہ بات سنکر سکندر کے رفقا قہقہہ مارکر ہنسے مگر سکندر اس کے استغنا سے خوش ہو گیا اور اُس نے کہا کہ اگر مجھکو خدا نے سکندر نہ بنایا ہوتا تو اوس سے دیوجانس ہونے کی دعا مانگتا [illegible]

نکلا تو سب طالب علم سنتے ہی پرنسپل صاحب کی کوٹھی پر دوڑے گئے۔ بعض نے
تار کے ذریعے رجسٹرار سے خبر منگائی اور دل پھڑک اٹھا۔ خانہ ہی کے گرد صدقہ
ہوا کئے۔ پر اس اندیشے کی مدد سے گھر سے ہی قدم باہر نہ نکالا۔ صادق نے
آ کر کامیابی کا مژدہ سنایا۔ تو ایسا چپ ہو رہا گویا وہ کسی رقیب کی کامیابی کی خبر
تھی یا نکاح کا ہوا تھا کہ پر اس نے خیالات یکایک اس طرح عود کر آئے جیسے اساڑھ
کا مینہ برسے ہی بہتر بکھشان زندہ ہو جاتی ہیں۔ انٹرینس کے امتحان سے
ایم۔ اے۔ کے امتحان تک کا زمانہ محبت کے نشہ میں گزرا اور اس وہم میں
اس سے یہ بھی نہ جانا کہ صبح کدھر ہوتی ہے اور شام کہاں۔ ہمیں تو یہی تعجب
ہے کہ اس نے امتحان پاس کیونکر کیا۔ مگر سچ پوچھئے تو یہ صادق کی سچی اور
بے غرض دوستی کا نتیجہ ہے کہ وہ ہر وقت تاکید کر کے اوسے پڑھائی کی طرف متوجہ
رکھتا تھا۔ خود اس کے ساتھ محنت کرتا۔ قصہ کہانی کے طور پر مضامین اوسے سناتا
اور خود دیکھ کہ بلا کا ذہن تھا۔ ایک دفعہ کا دیکھا اوسے ہمیشہ یاد رہتا تھا۔ آئیں
سا۔ نہیں کہ اس طرح محمود کے ساتھ مضامین کے دہرانے اور سنانے سے
صادق کو بھی بہت فائدہ پہنچا۔ کیونکہ وہ مضامین پھر اوس کے قبضہ میں آگئے
سچ کہا ہے کہ کسی کے ساتھ نیکی برباد نہیں جاتی بلکہ وہ خود اس کے فائدوں
سے متمتع ہوتا ہے۔ (۱) ولا تمنن لان الفائدة الیک عائدة۔

جونہی اوہیں ماہ پہلے جالے کا دن تھا کہ کوئی سوا پہر دن چڑھے ڈاکیے
ایک موٹا لفافہ محمود کے ہاتھ میں دیا کھولا تو پنجاب گورنمنٹ گزٹ تھا
پاس ہونے کی خبر اسے معلوم ہو ہی چکی تھی گزٹ کا دیکھنا تھا کہ اوسے خیال آیا
کہ ضرور اس میں ان شاہ طالب علموں کے نام اور نمبر مندرج ہوں گے۔ اگرچہ

---

(۱) پر لطف ... کی پر احسان نہ جتا کیونکہ اس کا فائدہ تیری طرف
لوٹ آتا ہے

سے پانچ چھ روز پہلے یہہ گزٹ محمود کو دیا گیا ہوتا تو اوس نے فوراً اوسے
طاق میں یا سرہانے بے پروائی سے ڈال دیا ہوتا اور صادق ہی اوسے
کھولتا تو کھولتا مگر اب گزٹ کے دیکھنے سے پھر وہی بیقراری و اضطراب
شروع ہوا جیسا کہ عموماً طالب علموں کو ایسے موقعوں پر ہوتا ہے۔ اور خود مجکو
ایک زمانہ میں جہاں آرا کا خط دیکھکر ہوا تہا۔ ایسی خبروں کی نسبت اوسے معلوم
کرنے کا اوسے ایسا شوق تہا کہ اخبار کے اس صفحہ سے اوس صفحہ پر نہایت ہی
جلدی جلدی نظر دوڑا رہا تہا تاکہ اتنے سارے ناموں میں ایک نام کا اکا ایک
ہی پتا لگتا ذرا مشکل ہے اوس کا رنگ ذرا اور متغیر ہونے لگا اور چہرہ پر ہوائیاں
سی چھوٹنے لگیں اوسے خیال آیا کہ کہیں صادق نے میرا دل تو نہیں رکھا تہا
مگر وہ تو دروغ گو آدمی نہیں۔ کیا وہ نہیں جانتا تہا کہ آخر مجہ سے کب تک
چہپ سکتا ہے۔ اور ایک دفعہ پاس ہونے کی خبر سنکر فیل ہونا کیا رنج
دہ ہوگا۔ اغلطی سے کسی نے تار میں میرا نام تو نہیں بہیجدیا۔ گر تار دینے
والے کو یہہ کیا خبر تہی کہ میں نے بھی امتحان دیا ہے۔ سینٹ ہال میں تو فہرست
پاس شدہ ناموں کی فہرست آویزاں کی جاتی ہے۔ ضرور میرا نام غلطی سے
چہپنا رہگیا۔ مگر یہہ بہی خلاف ہے گزٹ کے چھپنے میں ہمیشہ نہایت صحت
کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اور ایسے موقعوں پر تو خصوصاً۔ اہلو! ہماری لال
پاس ہوگیا۔ کیا میں اس سے ہی گیا گذرا ہوا۔ مگر یہہ تو تھرڈ[1] ڈویژن میں
پاس ہوا ہے۔ میرا نام فرسٹ (اول) ہوگا۔ (از سر نو فہرست دیکہنی
شروع کی) رام چند مدرس گورنمنٹ کالج لاہور۔ اوّل مولوی عبد الجبار پرائیوٹ[2]
سٹوڈنٹ دہلی دوم۔ (دو ملیں) اس نے اسکول سے جو سری کی دہرادون

---

[1] درجہ سوم۔
[2] جو طلبا کسی مدرسہ سے امتحان نہ دیں بلکہ خانگی طور پر مستقل آکر شریک ہوں۔

آگے دوڑ (ایں) فرسٹ ڈیویژن میں تو میرا نام ہے نہیں ضرور دویم (سکینڈ)
میں ہوگا۔ (گردن ہلا کر) کوئی نہیں ایک دفعہ ہی چونک کر الحمدللہ کہ موجود ہوں
گزٹ میں اپنا نام دیکھ کر محمود کو تسلی ہوئی۔ اور طبیعت کا اضطراب بھی جاتا
رہا۔ ایک منٹ سے کچھ زیادہ اوس کے چہرہ سے ایک غیر معمولی مسرت
ظاہر رہی جو عمر بھر میں یا تو قاضی جی کے سامنے تھی یا آج یا شاید کبھی اور بھی
ہوئی ہو لیکن ہمیں تو کچھ اچھی طرح یاد نہیں پڑتا۔ پھر اتنے ہی میں کچھ انقباض
اور افسردگی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ اس نے گزٹ ہاتھ سے
پھر میز پر رکھ دیا۔ اور خود کرسی سے پیٹھ لگا کر چھت کی طرف جھک گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد
پھر گزٹ ہاتھ میں اٹھایا۔ اور تھوڑا سا سرسری نظر سے دیکھ کر پھر رکھ دیا۔ اور کچھ
دل ہی دل میں سوچنے لگا۔ شاید آج تک میں نے ایسی ذلت سے کوئی امتحان پاس نہیں
کیا جیسا کہ یہ۔ انٹرنس میں میں ضلع میں اول رہا۔ عربی اسکول سے مجھے ایک نقرئی تمغہ اور
پینتیس روپیہ انعام ملا۔ مڈل میں بھی میرے سب سے زیادہ تھے اور اگر اس سال میں بیمار
نہ پڑتا تو ضرور یونیورسٹی میں اول رہتا۔ ایک موقعہ پر جب صاحب انسپکٹر مدارس اسکول کا
معاینہ کر رہے تھے تو میری (دارالعلوم) لیاقت سے خوش ہو کر انہوں نے مجھے (۱) سرٹیفکیٹ اعلیٰ چٹھیاں لکھا
تھا۔ ہیڈ ماسٹر مجھے ایسا چاہتے تھے کہ میں خیال نہیں کر سکتا کہ کسی استاد کو اپنے شاگرد سے
ایسی محبت ہو یوں تو وہ مدرسہ بھر پر جان فدا کرتے ہیں بلکہ میں کہہ سکتا ہوں کہ کسی اور مدرسہ
کے طالب علم کو اپنے ہیڈ ماسٹر سے ماسٹر شہاب (۲) الدین صاحب جیسے مربیانہ شفقت کا عشر عشیر

نوٹ (۱) مہر و دستخط سمیت۔

(۲) خواجہ شہاب الدین صاحب عربی ہائی اسکول دہلی کے ہیڈ ماسٹر ہیں۔ اس شہر کے شریف اور خاندانی آدمی ہیں
مدرسے کے بچوں سے اپنے بچوں سے زیادہ محبت اور شفقت کرتے ہیں خصوصاً اپنے شاگردوں کے ساتھ بالکل بزرگانہ اور مربیانہ
برتاؤ کرتے ہیں مدرسہ چھوڑنے کے بعد بھی ان کے اخلاق اور شفقت میں فرق نہیں آتا بلکہ برتاؤ اور
بھی زیادہ دوستانہ ہو جاتا ہے۔ صرف ان ہی کی کوشش سعی کا نتیجہ ہے کہ یہ یونیورسٹی سے [illegible]
رکھتے ہیں۔ اور مدرسہ میں ملی تعلیم روز افزوں ترقی ہے میں اون مبارک لوگوں کو نہیں بھول سکتا

بہی نصیب نہین مگر مجہے تو اپنے بچّون کے برابر چاہتے تہے - اون کی نصیحتین مجہے آجتک یاد ہیں اور عمر بہر یاد رہینگے - افسوس ہے اس عرصہ مین ایک دن کو بہی اون سے جاکر نہین ملا - مگر اب تو مجہے کہین صورت دکہانے کو بہی جگہ نہین - مین تو اپنے نمبرون مین پاس ہونا فیل ہونے کے برابر سمجہتا ہون (ذرا چونک کر) لاحول ولاقوۃ الا باللہ - یہہ مین نے کیا کہا اس کے یہہ معنے کہ خداوند تعالی کے ایک انعام کے عیوض محرومی کو زیادہ پسند کرتا ہون - خواہ یہہ نمبر کیسے ہی ذلیل ہون مگر فیل ہونے سے تو بہتر - اور بدرجہا بہتر ہین اب اگر کسی کو شکل دکہانے کی جگہ نہین تو چپ ڈوب مرنے کا موقع تہا - اور اب بہی سکتا ہے مین تہرڈ ۱۵ ڈویژن سے تو اوپر ہون مگر کیا خاک اگر دس نمبر اور ہوتے تو وہین تہا - جو مجہ سے زیادہ نمبرون مین پاس ہوئے ہیں مین کہہ سکتا ہون کہ بحیثیت مجموعی مجہ مین اون سے کہین زیادہ استعداد ہے - اگلے سال کالج ہی مین جنرل انٹیلیجنس کا امتحان کسا سخت ہوا تہا - مگر مین سب سے اول رہا - بلکہ میرے نمبرون کا ٹوٹل ۹۵ تہرڈ ایر کے بہی صرف دو طالب علمون سے کم تہا - جن مین سے امیر چند کے نمبر تو پانچ یا سات ہی زیادہ تہے البتہ آغا حسن کے نمبر بہت زیادہ تہے اُس نے شاید پچیس ۲۵ نمبر مجہ سے زیادہ حاصل کئے تہے نہین تیس ہی تو تہے -

محمود کا سلسلہ خیالات منقطع نہ ہوا تہا کہ سامنے کا دروازہ کہلا اور صادق ناصر - حامد - تینون ہاتہ مین ہاتہ ڈالے باتین کرتے اندر داخل ہوئے ان کے آنے پیچہے ممکن نہ تہا کہ محمود اوس خیال مین غلطان و پیچان رہ سکتا - اوس نے میز پر سے گزٹ اُٹہایا اور صادق کے ہاتہ مین دیا -

صادق — اہا گزٹ آگیا ہمین تو پہلے ہی اپنے نمبر معلوم ہو چکے تہے

محمود — یہہ عبدالحق خوب پاس ہوا اس کی تو بہت کم اُمید تہی -

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۲) کہ جب ان کی وہی تعلیم سے [illegible] ہو جاتا تہا اور جب سکول کالج کے مدرسون کی بد اخلاقی دیکہی تو عربی اسکول کی اور ہی قدر ہوئی - سنہ ۹۵ درجہ سوم سنہ ۹۳ محمودہ سنہ ۹۳ کالج کی تعلیم کا تیسرا سال سنہ [illegible] بی - اے کی [illegible] جماعت -

پڑے پاس ناصر نے لفظ شٹر سے۔ اس زور سے کہا کہ سب ہنس پڑے۔

حامد — آج مسٹر صادق جلسہ کرنے والے ہیں۔

محمود — صلاح تو مجھ سے بھی کرتے تھے معلوم نہیں کب ارادہ قائم کی

ناصر — اب جو بات منہ سے کہہ دی ہے پھر بن کے چھوڑا ہی۔

صادق — (حامد کی طرف دیکھ کر) خوب پھبتی اڑائی۔

محمود — لو اور سنو ابھی سے ڈھل گئے۔ ذرا میری طرف دیکھنا۔

ناصر — ہٹے۔ مجھے تو چھیڑا مت کرو۔

حامد — ارے میاں اب پس و پیش کیا سوچ رہے ہو۔ در کار خیر
حاجت ہیچ استخارہ نیست۔

کار خیر پر پھر سب نے زور سے قہقہہ اڑایا۔

صادق — مسٹر محمود نے بہت ٹھکا خوب لگا دیا۔

حامد — ہاں وہی آواز تو کانوں میں گونج رہی ہیں۔ مجھے تو
مولوی الطاف حسین صاحب حالی[۵۲] کی غزل سب سے زیادہ پسند آئی۔ کس قرینے

نوٹ ۵ مقررہ نصاب تعلیم

۵۲ حالی تخلص شمس العلماء مولوی الطاف حسین صاحب کا ہے۔ شہر پانی پت کو آپ کی ولادت سے
شرف ہے مگر اوائل عمر سے دہلی ہی میں رہے ہیں تعلیم پائی۔ اور اب دہلی کے حال
پر اہل دہلی سے زیادہ توجہ فرماں ہیں۔ شاعری میں غالب مرحوم کے شاگرد ہیں زمانہ کا رنگ
دیکھ کر اپنی شاعری کا رنگ ہی بدل دیا اور کلام کو سچ (حقیقت) کے جوہر سے رنگا۔
سچی اور پر درد دل کی باتیں کلام میں درد بہت ہے خصوصاً اسلام کی تباہی اور کمزوری کے
مضامین خون رلاتے ہیں۔ راقم کو اکثر مجالس میں ان کی زبانی نظم سننے کا اتفاق ہوا ہے۔ بے موثر
ادا اور لہجہ ہے۔ نثر بھی جا بجا میں اور تصنیف لکھے ہیں اور آجکل ۱۳۰۰ سے [illegible] و [illegible] کے دساوی
نام کر دیا ہے [illegible] سے دست بردار ہو گئے ہیں حیدرآباد کے [illegible] اور [illegible] دنیا کے [illegible]

سنائے ہیں۔

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں — اب ٹھہرتی ہے دیکھئے جا کر نظر کہاں

صادق — آوارہ تو تمہاری بھی اس سے کم نہیں۔

محمود — اجی تو کہاں لادھری ہے مگر پھر بھی اچھی ہے اور بہت اچھی ہے۔

حامد — جی ہاں مگر سامعین کانوں میں انگلیاں دے لیتے ہیں اتنی بات تو ضرور ہے۔

محمود — بیہودہ ہو۔ تم اسے کسر نفسی کہتے ہو اور میں کفران نعمت سمجھتا ہوں۔ خدا نے جو تمہیں کوئی خاص صفت عطا فرمائی ہے تو تم اوس کا شکریہ ادا کرنے کے بجائے نظر حقارت سے دیکھتے ہو۔

ناصر — تمنے کسی مولوی کا جھوٹا تو نہیں کھایا کہ ذرا کسی سے ناراض ہوئے اور جھٹ کفر کا فتوی لگایا۔

صادق — (حامد سے) اس وقت تو جی چاہتا ہے کہ تم ہی اس غزل کو سناؤ۔

حامد — ہائیں تو کیا اب تم یہ ہی چاہتے ہو کہ بھائی محمود اپنے فتوے پر مہر بھی کر لائیں۔

صادق — اجی سناؤ بھی — سناؤ

حامد

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں — اب ٹھہرتی ہے دیکھئے جا کر نظر کہاں
ہیں دور جام اول شب میں خودی سے دور — ہوتی ہے آج دیکھئے ہم کو سحر کہاں
یارب اس اختلاط کا انجام ہو بخیر — تھا اس کو ہم سے ربط مگر اس قدر کہاں
اک عمر چاہیئے کہ گوارا ہو نیش عشق — رکھی ہے آج لذت زخم جگر کہاں
بس ہو چکا بیان کسل و رنج و راہ کا — خط کا مرے جواب ہے اب نامہ بر کہاں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴) کا عالی دی او اس قوم کی فدائی سے عرب اسکول کی ملازمت چھوڑ کر قوم کی خدمت اختیار کی۔ راقم کو آپ سے شرف تلمذ حاصل ہے۔

ہم جیسے مر رہے ہیں وہ بات ہی کچھ اور ہے — عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں
ہوتی ہیں قبول دعائیں کب عشق کی — دل چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں
خالی نشاط نغمہ و مے ڈھونڈتے ہو اب — آئے ہو وقت صبح رہے رات بھر کہاں

ناصر — بیشک تمہاری آواز بہت اچھی ہے۔

صادق — کیا کہا ہم سنگے۔

صادق نے جو آہستہ سے یہ فقرہ کہا۔ تو حامد کسیقدر جھینپا اور اس پر سب ہنس دیئے مگر محمود مسکرا کر ہی چپکا ہو رہا۔

صادق — (محمود کی طرف دیکھکر) کیا کوئی یاد آرہا ہے۔

ناصر — ہم کو خبر تو ہے نہیں آج یہ سسرال کی چالاکیوں میں آگئی۔

خدمتگار — حضور کھانا حاضر ہے۔

محمود — اوّل طعام بعدہٗ کلام۔

باب سوم

اگست خوبرو و نہاگوش دلفریب سے کوٹھہ وارہ خانم فیروزہ سماں ہے۔ شام کے چھ بج چکے ہیں کچھ سہانا وقت ہے ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے شمالی دروازہ سے داخل ہو کر دل پر ایک عجیب کیفیت پیدا کرتے ہیں اور اپنے ہمراہ کسی کے گرم گرم سانس لیکر مغربی دروازہ سے نکل جاتے ہیں۔ افق شمال سے کالے کالے بادلوں کی گھٹائیں نہایت جوش و خروش کے ساتھ اٹھ اٹھ کر سمت الراس کی طرف اڑی چلی آتی ہیں اور جمع ہوتے جاتے ہیں۔ ان کی

نوٹ ۱۵ شادی کے بعد عروس کے والدین اور رشتہ کے افراد دولہا دلہن کو اپنے گھر بلا کر دعوت کرتے ہیں [illegible] سلامی وغیرہ [illegible] عموماً [illegible] آخری [illegible]

سرمئی اور کسقدر سیاہی مائل دودھیائی رنگت ہین ہلکی ہلکی بجلی عجب انداز کے ساتھ دلفریبی سے چمکتی آرہی ہے ۔ بیچارے پرند گرد و نواح کے ہرے ہرے جنگلون اور باغون سے چہچہاکر بسیرے کی فکر مین بڑی تیزی سے فضاء آسمان مین اڑتے ہوئے نظر آرہے ہین اور بھنورون کی چھائی ہوئی پرواز اور انواع و اقسام کے رنگت کے ابر اُمڈ چھائے ہوئے آسمان پر اور ہی جوبن برسنے لگا ہے اب کچھ اکا دکا بوندہی پڑنے لگی اور سیل نے کسیقدر تیزی ہیئت اختیار کر لی ہے بازارون مین لوگون کی رفتار مین ایک غیر معمولی سرعت پیدا ہوگئی ہے اور ہر شخص دامن دبا کر گھر پہونچنے کی فکر مین قدم بڑھائے چلا جاتا ہے ۔ اس وقت آسمان و زمین کی یکسان کیفیت ہے وہان پرندون کی وہ حالت ادھر لوگون کی یہہ صورت ہے ۔[1]

اس بالاخانہ پر دیکھئے تو شمسو اور اس کی پیاری بی بی جہان آرا بیٹھے بیٹھے باتین کر رہے ہین محمود ایک عمدہ قمیص اور اوس پر سیاہ السپکے کی کوٹ پہنے ایک پلنگ سے پیٹھ لگائے کسیقدر پیر پھیلائے ہوئے بیٹھا ہے ۔ ترکش کیپ پیٹ کے پیچھے پلنگ پر رکھی ہوئی ہے ۔ اور سامنے کہونٹی پر سر دائی لٹک رہی ہے ان کے قریب ہی جہان آرا بیگم ہے اور اپنے پیارے شوہر کے واسطے پان بنا رہی ہین پاس ہی نگہار دان سامنے کھلا رکھا ہے اور سبو کی لپٹیں آرہی ہین پہلو مین آدھا فرش پر پڑا ہے اور تہوڑی دور پر گہنے کا صندوقچہ کھلا دھرا ہے جس مین قیمتی گہنے ہین ۔

تعلیم نے اوس کی اور جاہل عورتون کے خیالات مین بڑا فرق پیدا کر دیا تہا اور اس سبب سے زیور کی قدر و قیمت اوس کی نظر سے گر گئی ہی اوس کا

نوٹ [1] مسٹر شمس الحق نے راقم کو ایک خط مین یہہ بین لکھا تہا مین نے اون کی یادگار کے طور پر یہان بیان کر دیا ۔

حال تہا کہ روپیہ پور کی صورت میں نہ تو آسایش پہونچا سکتا ہے اور نہ آرایش ہی دے سکتا ہے۔ بلکہ اس کی بدلے جان و مال کے نقصان کا سبب ہے۔ اس سبب سے وہ گہنا رکہنا ہی نہیں چاہیے تہے رضیہ بیگم نے اس خیال سے کہ مبادا لوگ طعن کریں اوسے بہاری بہاری رقمیں بہی دی تہیں۔ اور یوں تو کونسا گہنا تہا جو اوس کے پاس نہ ہو مگر وہ سب صندوقچہ ہی میں رہے اس وقت اوس کے کانوں میں بالیاں دو دو جڑاؤ پتہ اور سکلیاں تہیں۔ ہاتہوں میں نیم نیں طلائی جوڑ بان اور دو دو انگوٹہیاں گلے میں گلوبند اور پیروں میں صرف چاندی کے چہلے۔ اور یہی گہنا تہا کہ وہ ہر وقت پہنے رہا کرتے تہے اور کہیں آنے جانے ہی تو اوس نے کبہی اس سے زیادہ نہیں پہنا۔ مگر اوس کا لباس ہمیشہ بڑے بانکپن کا ہوتا تہا۔ اور اگرچہ گوٹا کناری کی بہرمار اوس میں نہ تہی مگر اوس دلفریب حسن کو لے اٹہنے کی اون میں ان بہاری بہاری جوڑوں سے زیادہ قوت تہی جو اپنے اصلی بہار اور خوبصورتی کو گہرو اور ٹہنہ کی مدد کر دیتے ہیں۔

اوس نے ایک دلربایانہ انداز سے پان بنایا۔ اور مسعود کو دیکر سنگہار دان بند کرنے لگی تو پاس سے آئینہ اٹہایا۔ اور تہوڑی دیر تک بال سنوارنے کی غرض آئینہ دیکہتی رہی۔

مسعود خدا جانے یہ آرایش کریگی قتل کس کس کو۔
طلب ہوتا ہے سادہ آئینہ کو یاد کرتے ہیں۔

جہاں آرا (ذرا مسکراتے ہوئے اور ترچہی نظر کرکے) بس تمہاری تو وہی باتیں چلی جاتی ہیں۔

مسعود آئینہ دیکہہ رہے ہو اور پہر میری بات کا یقین نہیں آتا۔

جہاں آرا اے ہٹ آئینہ اندر رکہ سنگہار دان بند کر دیا۔ اور صندوقچہ قفل لگانے کے لئے اوسی طرف گہسا۔

مسعود یہ گہنا کیوں نہیں پہنا کرتیں۔

جہاں آرا — سہرا تو زیادہ گہنے سے بھی گہلا تا ہے۔ شاباش ہے اُن لوگوں کو جو مانگے کا پہن پہن کر آتے ہیں۔

محمود — شاید وہ گہنا پہنکر زیادہ خوبصورت معلوم ہوتے ہونگے۔

جہاں آرا — پھر یاں تو تم سے زیادہ میں خوب جانتی ہوں۔ جو شخص فی الحقیقت خوبصورت ہے۔ وہ تو لوگوں کی آنکھوں میں خواہ گہنا پہنے یا نہ پہنے بھلا معلوم ہوگا اور بدصورت ہے تو ایک گہنا کیا ہزار گہنے پہنے تو شکل تو بدلتی ہی نہیں۔ آخر اس ہندوستان کے علاوہ دنیا میں اور لوگ بھی تو بستے ہیں اُن کا حسن و جمال نہیں یا خوبصورتی کی قدر نہیں۔ مگر یورپ کی چھٹکار کسی قوم میں نہیں۔ مجھکو یاد ہے کہ جن دنوں میں مس ڈوڈ ہمیں پڑھانے آتی تھیں۔ تو ترک کی عورتیں تک اون کو دیکھنے کی خاطر ہمارے ہاں آیا کرتی تھیں اور وہ اچھی خاصی اون کو حسن بھی لاکھوں میں انتخاب دیا تھا۔ میں تو بھی حیران ہوں کہ جب ہم عورتیں اون کو اتنا پسند کرتی ہیں تو مرد لوگ کیوں نہ مرتے ہونگے مگر میں نے کبھی اون کے ہاتھ میں ایک چاندی کا چھلا بھی نہیں دیکھا اور پھر اون کے ہاتھ ایسے بھلے معلوم ہوتے تھے کہ انسان دیکھا کرے۔ سعدی نے کیا اچھا کہا ہے۔

اگر خوبرو و نا گوش دلربا

بے گوشوارہ ماتم قمر ورقماہ است

یہاں تک کہ بیاہ میں سیکڑوں ہی عورتیں آئی تھیں۔ مگر جو جو خوبصورت تھیں اون کو بھی گہنا بھی اچھا معلوم ہوتا تھا۔ ایک موٹی ذرا جا سے کون نہیں سیاہ فام بدشکل سے ڈھینگی۔ یہ سب گہنے میں لدی ہوئی تھیں۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے تو سیروں ہی چاندی سونا اوس پر لدا ہوا تھا۔ کپڑے بھی زرق برق مگر وہ کپڑا اور گہنا اون پر ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے مردو شاید محلس میں اوس تائی کا نہ تھا۔ لیکن اگر وہ جھومر اون کے ماتھے سے اتار کر فرش پر دھر دیا جاتا۔ تو بڑا ہی خوشنما معلوم ہوتا۔ انہوں نے غصہ سے یہ کہا کہ جب ہم یہاں سے چلنے لگیں تو مسی بیگم کی

تو اون کو دیکھہ دیکھہ کر بیٹی کے مارے لوٹی جاتی تھیں۔

ایک اور بہو جو مالدار دوپٹہ اوڑھ کر آئی تھیں۔ سمجھ رہی تھیں کہ ہاتھ لگانے سے جھڑی جاتی ہے۔ اور اون کا نام سہا جاتا تھا۔ جب [illegible] ان کا خیال ہوتا تو اوڑھ کر کیوں آئی تھیں۔ ایک [illegible] پھرتی [illegible] دلہن کو دیکھنے گئیں ارادہ تو [illegible] مگر دل نہ مانا [illegible] دالان کے ستون سے لگی کھڑی ہیں اور [illegible] اور [illegible] وہاں [illegible] لگ رہی تھی۔ اور ضرور [illegible] کہا ہی کہ آؤ تو ہم بھی دلہن کو دیکھو مگر [illegible] دل میں کہا کہ افسوس ان کا [illegible]

[illegible] مصرع [illegible]

ایک قدم یہاں ہے ایک وہاں تم ذرا اللہ کی [illegible] بیچاری میں بہت مروت کے آدمی اور [illegible] چاہتی ہی [illegible] ہی پاس لگی رہیں۔ اکثر دو دو چار چار آدمی ہی [illegible] پاس [illegible] انہوں نے [illegible] اپنے اپنے کام میں [illegible] اور ہیں اور وہ اکیلی۔ بیچاری [illegible] ہو گیا۔ اور [illegible] چھوڑ کر چلی دیں۔ مگر پھر خیال آیا کہ اماں [illegible] گی تو [illegible] کہ اسی وقت اکیلا چھوڑنا تھا۔ وہ میرے پاس آ [illegible] اور پھر [illegible]

اتنے میں اون کے ہاں کی ماما دکھائی دی [illegible] بلا کر چاہا [illegible] کان میں کہا کہ میرے کان سے [illegible] اوہ بھائی کا [illegible] ابھی [illegible] ہمیں کہیں۔ جلدی [illegible] ڈھونڈو مگر [illegible] کسی کو [illegible] وہ [illegible] تو اپنے میاں سے جا لگائیں گی [illegible] اس وقت بھول آ رہے ہیں۔ خدا خیر رکھے یا اللہ مل جائے [illegible] شاہ نصیر اللہ [illegible] کی [illegible] تو اون



محمود — اگر ایسی ہی غیرت ہوتی تو مانگے کا پہن کر کیوں آتیں۔

جہاں آرا — ہماری سوسائٹی کا تو کچھ ایسا ہی رنگ بگڑا ہے کہ جو باتیں شرم کی ہیں ان کی لوگ کچھ پروا نہیں۔ اور خواہ مخواہ کی رسمیں اور فیشن نکال رکھے ہیں۔ کہ ان کا کہیں ٹھکانا نہیں۔ نہ خدا کا حکم نہ رسول کا۔ نہ عقل کا اور نہ کسی مہذب قوم کا بلکہ اکثر تو گناہ ہیں۔

محمود — گہنا پہننا تو مسلمانوں نے ہندوؤں سے سیکھا ہے۔

جہاں آرا — مشکل تو یہ ہے کہ اب سب کو ایسا شوق چڑھا یا ہے کہ امیر یا غریب گھر کا دوالہ ہی کیوں نہ نکلا ہوا ہو مگر گہنا ضرور ہو۔ ورنہ ہمیشہ ان ہی ناک کٹی ہے سو صورتی بدصورتی کو ہی جانے دو جس کو مقدور ہو وہی پہنے مگر چاہے فاقہ کریں سنار کا گھر ضرور بھریں۔

محمود — رسم و رواج کے پیچھے یہاں جان دیتے ہیں بعض بعض عورتوں کے کان تو میں نے ہی دیکھے کہ بوجھ نہ سہار سکے اور کٹ کٹ گئے مگر پھر چھدوائے یہ ان کی ہمت ہے۔

جہاں آرا — یہ ایسی بات ہے جیسا کہ جنگلی ہاریاں اپنے بدن کو گود گود کر جانوروں کی شکلیں بناتے ہیں۔ کیا ان کو تکلیف نہ معلوم ہوتی ہوگی مگر ان کو وہ ایسا اچھا معلوم ہوتا ہے کہ ساری تکلیفیں برداشت کرتی ہیں۔ ایسا ہی گہنا پہننا ہے کہ عادت پڑ گئی ہے اب وہ ان کی نظروں میں اچھا معلوم ہوتا ہے اگر ایک عرصہ تک پہننا چھوڑ دیں تو پھر سب کے سب ہی اچھے معلوم ہونے لگیں۔

محمود — غضب تو یہ ہے کہ ہم نا جاہل اگر علم ہو تو ایسی ایسی باتیں خود سوچنے لگیں اب تو سمجھانے سے بھی سمجھنے والے بس ہیں جب تک

اسکے علاوہ جان کا بھی ضرر ہے اکثر اخبار میں میری نظر سے ایسی ہی وارداتیں
گذرتی ہیں - کہ کسی چور نے گہنے کے لالچ سے بچہ یا کسی عورت کو قتل
کر ڈالا - صندوقچہ چرا کر لے گیا - بچے کو کنوئیں میں پھینک دیا - اور زیور
لیکر بھاگ گیا -

جہاں آرا انگریزوں نے دختر کشی اور ستی کا تو انتظام کیا -
میں تو خوش ہوتی اگر قانوناً زیور کی بھی ممانعت ہو جاتی -

محمود طبیعتوں میں مرض کا مادہ بہت بڑھا ہوا ہے جسطرح
ہندوؤں کو دیکھکر بعض نے اور بعض سے سب نے پردہ اختیار
کیا - اسیطرح آسانی سے چھوڑ بھی دیں اگر کوئی ہمت کرکے پہلے ہی
پہل ان کے لئے نمونہ بنے اوّل اوّل تو وہ انگشت نما بھی ہوگا -
طعنوں میں اوس کے چرچے بھی ہوں گے - مگر ہر کوئی اللہ کا بندہ
ایسا بھی ضرور ہوگا جو اوس کی تقلید کرے پھر دو سے تین اور تین
سے چار اور پھر انشاء اللہ سب - مگر ہاں ساتھ ہی تعلیم کی بھی بہت ضرورت
ہے یہ ساری خرابیاں جہالت کی ہیں -

جہاں آرا جہالت سی جہالت ہے کہ پیسہ کو بہت سمجھتی ہیں - سو دو ماشے کا ٹیکہ
پہن کر جا بیٹھتی ہیں - کہ ملنے جلنے والیوں پر ناک رہے - ان کی کیا خاک عزت
رہ جاتی ہوگی اگر ان میں سے ایک کو بھی یہ معلوم ہو گیا کہ یہ انکا نہیں بلکہ
مانگے کا ہے اللہ بخشے نانی اماں ایک حکایت بیان کیا کرتی تھیں - کہ ایک
بیوی کسی کی چنپا کلی مانگے کی پہن کر گئیں اتفاق سے جنہوں سے وہ لے گئی
تھیں اون کو بھی وہیں جانا ہوا - مروت کے مارے اوس وقت تو وہ کچھ نہ بولیں
مگر کم حوصلگی سے اتنا نہ ہو سکا کہ وہ یہ نہ جتاتیں کہ یہ میری چنپا کلی ہے
جب سب کھانا کھانے بیٹھے تو اون سے مخاطب ہو کر کہا ہیں کہ بوا

ذرا چھوٹا تو الگ کہنا میرے چنپا کلی کا ڈورا بودا ہے کہین ٹوٹ نہ جائے لہ

باب چہارم

بہ آسیب بستہ ام شیرازۂ الفت ہمائے را — جو تار سبحہ پنہان ہے دو اہم رشتہ دلہا

گلعذار نازنین اور نونہال حامد کے لئے آجکل موسم بہار ہے جو دن آتا ہے وہ نوخیز حسینہ کے حسن کو زیادہ اور زیادہ تکمیل کی حالت مین دیکھتا ہے۔ اور مشاطۂ قدرت نہایت احتیاط کرتی ہے کہ خط و خال کی درستی مین کہین کوئی نکتہ چوک نہ جائے۔ اوس کا خوشنما اور باحیا چہرہ کنول کے پھول کی طرح کھلا رہتا ہے۔ اور ہر ایک بات پر ایک سادہ اور دلفریب مسکراہٹ اوس کی خوش خلقی اور نیک طینتی کا ثبوت دیتی ہے اوس کی آنکھین اگرچہ باحیا ہیں مگر جب وہ ایک خاص ادا کے ساتھ لمحہ کے لمحہ اوپر نظر کرکے جھکا لیتی ہے تو ادھر تو کمان ابرو دل و جگر کو نشانہ بناتی ہے ادھر تبسم غضب کی بجلیان گراتا ہے جسطرح اپریل کے شروع مین پھلوارے کی کثرت ہوتی ہے اسیطرح چودھوین سال کے شروع مین خوبصورت لڑکی کے حسن کو ترقی اتی ہے ؎

عصمت کے دل میں مراد و تمنا ہیں وہ آئے ہوئے
اڑائے پھرتا ہے جوبن برق نمائے ہوئے

اس لڑکی کی ماں کشمیری دروازہ اپنی جائداد مین رہتی تھین جس کی آمدنی اتنی معقول تھی کہ اپنے خاوند کے مرنے کے بعد اونکو کبھی اپنی چھوٹی یتیم لڑکی کی پرورش مین جس کی عمر اوس وقت صرف چھ سال کی تھی تنگی نہیں واقع ہوئی۔ ان کا اور حامد کا

نوٹ لہ خدا جس رکہے مولوی ظہیر حسن صاحب سخنور (جو اردو ڈسٹرکٹ میں مدرس فارسی اور مصر کے قیام حیدرآباد کے زمانہ میں ہمایت ... سادہ سامیہ فرماتے) یہ مکان سنکے تو فرمایا کہ اس مصرع یہ جواب پاکر ہوا السما ہی سمجھ کا ... سے کون گر ڈال رہی ہے۔

کوئی رشتہ تو نہ تھا مگر خدا مغفرت کرے فاطمہ بیگم (حامد کی والدہ) نے اون کو بہن بنا لیا تھا اور اس خوبی سے انہوں نے اس بہناپے کو نباہا کہ آج حقیقی بہنوں میں اتنا ملاپ نہ ہوگا۔ ایک کے دکھ درد کی دوسرے کو تاب نہ تھی۔ ہم نے تو سنا ہے کہ فاطمہ بیگم نے کبھی کوئی کام اون کے بے صلاح و مشورہ کیا ہو۔ ذرا سی بات ہوئی اور جھٹ بلا بھیجا۔ محمود اور حامد چھٹپنے ہی سے اون کے ہاں جاتے تھے۔ اور وہ اِدھر دم پھر کی تھیں۔ نار مین کے بارہ میں بہتیرا لوگوں نے کہا کہ اب ماشاء اللہ لڑکی سیانی ہوئی جاتی ہے اسے چھپانا چاہیئے۔ مگر انہوں نے ہمیشہ یہی جواب دیا کہ اگر میں اپنی حقیقی بہن کی اولاد سے چھپاؤں تو اوس سے بھی پردہ کروں۔ مجھے یہ لڑکے اپنی لڑکی سے کچھ کم پیارے تھوڑا ہی ہیں؟ ان ہی بیچاری کا قدم بیچ میں تھا جو میاں محمود کو جہاں آرا مل بھی گئیں ورنہ ادھر کی دنیا اودھر ہو جاتی فاطمہ بیگم تو نواب ذوالفقار علی کے ہاں سے منگنی چھٹانے والی تھیں نہیں اور پرانی بڑھیاں تو ابتک یہی کہتی ہیں کہ اوسی کا نتیجہ ہے کہ بیٹے کے سہرہ دیکھنے کی آرزو دل کی دل ہی میں لے گئیں۔ آج منگنی چھوٹی بیس دن بعد بیچاری حاصی اچھی بھلی چنگی دو گھنٹے کے درمیان چٹ پٹ ہو گئیں اس گھڑی کا نگوڑا اور دا اٹھا تھا کہ پھر دم ہی لیکر ٹلا۔

فاطمہ بیگم مریں تو سیدالنساء بیگم کو سخت رنج ہوا۔ جب تک اون کی قبر پر پھول نہ پھول اٹھیں۔ وہ پھول سونگھنے تک نہیں کبھی نعمل کا سوہ ہو جب تک بہن کے نام کا مسی میں نہ بھجوا لیتا۔ چکھنا تک حرام تھا۔ اگرچہ فاطمہ بیگم کو مرے تھوڑے ہی دن ہوئے تھے۔ مگر انہوں نے محمود کی شادی کر دی۔ کیونکہ انہوں نے کہا کہ "اوّل تو تین دن سے زیادہ سوگ رکھنا منع ہے اور اب تو پورے چار ماہ گذر چکے۔ دوسرے بچوں (حامد و محمود) کو دیکھتی ہوں تو نہایت بے آرام کوئی اتنا نہیں کہ کھٹا پھٹا کپڑا سی دے۔ یا گھر میں آئیں تو پوچھ تاچھ کرے" بیچاری نے بیاہ کا سامان بڑی دھوم سے کیا اور ایسا کیا کہ دیکھنے والے کہتے تھے کہ اگر اپنی ماں بھی کرتی تو ایسا ہی کرتی۔ اثنا شادی میں انہوں نے کئی دفعہ بہن کی یاد میں آنسو بہائے

جہان آرا انہی نئی بیاہی ہوئی تہی - دنیا کی شرم یا محمود کی اصرار یا خود اپنی محبت سے
انہون نے محمود کے ہمراہ رہنا اختیار کر لیا تہا - کیونکہ انتظام خانگی کے لئے ایک
تجربہ کار بزرگ کی ضرورت آج کل زیادہ تہی - مگر اون کی تمام توجہ حامد کی طرف
تہی کیونکہ مان کے مرنے سے اُس کو بہت تکلیف تہی - یہہ قدرتی سبب ایسا پیدا
ہوا کہ حامد کو نازنین لڑکی کی خوبیون سے رفتہ رفتہ اچھی طرح آگہی ہو گئی - سیاہ بیگم
ضعف بصارت کے سبب خود تو کچھہ کام کرتی نہ تہیں اور نازنین کا یہہ حال تہا کہ گہر
مین کسی کا کام ہو اُس کو نہایت پہرتی اور سلیقہ سے سب کچھہ ہی کر دیتی تہی -

ایک ایسا اتفاق ہوا کہ گرمی کی ٹہنڈی راتون مین جب ماہتاب کی
روشنی اور خنک ہوا کے جہونکے نہایت خوش گوار ہوتے ہین - حامد سونے
کی خاطر بالاخانہ پر گیا - اور اون نے دیکہا کہ اُس کا پلنگ کسی نواب یا راجہ کی
مسہری یا کسی نوعروس کے چہپرکہٹ سے بہی زیادہ مزین ہے پلنگ پر نہایت
سفید غلطے کسی ہوئی چادر جس مین چلبن اور جہالر چہار دسے رہی تہی بچہی ہوئی
ہے - اور نرم نرم تکیون پر ریشمی خوبصورت غلاف چڑہے ہوئے تکیہ کے
سرا پر سونے کے پہولون کی بنی ہوئی ایک جہلملاتی ہے جس کی خوبصورتی کو اسکی
منچیں آنکہیں کتنی دیر تک استعجاب سے دیکہا کین - اوس نے نہایت شوق
سے اُس کو چکر دیا اور ساتہہ ہی خود بہی گویا عالم محویت مین ایک سانس اداسی
چہوڑا - پلنگ کے برابر دونو طرف دو چہوٹی چہوٹی تپائیاں ہیں جن پر دو گلدستے رکہے
ہوئے تہے جس مین خوشبودار گلاب کے پہولون کی پیاری پیاری خوشبو ہوا کو
معطر کر رہی تہی - اوس نے دل مین کہا کہ شاید جنت کی حورین اس سے زیادہ
خوبصورتی سے خدمت نہ کر سکین گی کیونکہ وہ اون سے کہین زیادہ ہے ساتہہ
ہی ایسی خوش نصیبی کے خیال نے اوس کے دل مین ایک مسرت کا بہرا ہوا جوش
پیدا کیا - اور نہایت آرام سے میٹہی نیند سو گیا

اگر میرا قلم تصویر کی دستکاریون کا فوٹو الفاظ مین کہینچ سکتا ہے - اگر مین

ہر ایک خوبصورت نادر پھول کے رنگ میں جو موسم بہار میں کھلتا ہے آؤ ڈبو سکتا ہوں اگرچہ یہ ممکن ہے کہ بلبل ہزار داستان نسیم و گلشن راگ میرے قلم سے پیدا ہونے لگیں۔ تو شاید یہ ناقابل مصنف اس لائق ہو کہ پری کا چہرہ نازنین کے ہر ایک دل لبھانے والی ادا جو اوس کے ایک ایک معصوم کام سے ہر وقت ظاہر ہوتی تھی بیان کر سکے۔ یا اُس شگفتہ اور بشاش چہرہ کی تصویر دکھا سکے یا ناظرین کے کان تک اُس دلکش آواز جو وقت تکلم کسی چہرہ داؤدی سے نکلتے تھے سنا سکے۔ یہ خوش قسمتی اُس مبارک مکان کے باسیوں کے حصہ میں ہی تھی جس میں نازنین کا منور چہرہ الشمس فی الغمام تھا۔ اور زیادہ تر حامد اس کی قدر کرتا تھا اگر حامد اُس کی قدر نہ کرتا تو وہ ناقدری کا ملزم سمجھا جا سکتا تھا۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ حامد نے کچھ فرمائش چھوٹوں کی ہو اور بڑوں کی اور اُس کی تعمیل نہ ہوئی ہو اور تعمیل بھی بے دلی کے نہیں شوق اور سرگرمی سے۔ بلکہ ہمیشہ کوئی نہ کوئی بات اوس میں فرمایش سے زیادہ ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ بھی کوئی نہ کوئی عمدہ تحفہ جو خود نازنین کے سگھڑ ہاتھ تیار کر سکتے۔ اکثر پیش کیا جاتا تھا اور روزمرہ کے معمولی کام تو جس پابندی اور خوبصورتی سے کئے جاتے تھے کہا جا سکتا ہے کہ اس سے زیادہ ناممکن ہے۔

حامد کی طرف سے بھی نازنین کے انداز عجیب اور کچھ اور سب پسندیدہ ہوتے تھے جس میں ایک خاص الفت اور مہربانی کی بو آتی تھی۔ اور جو کوئی نادر عمدہ چیز وہ دیکھتا کبھی اوس کے خریدنے میں دریغ نہ کرتا۔ اور اکثر بلاواسطہ اور کبھی کبھی بواسطہ کسی اور کے دوست نازنین تک پہنچا کر اُس کے صبیح نازک ہونٹوں پر مسکراہٹ (جو اُس کا شکریہ ظاہر کرتی تھی) دیکھ کر باغ باغ ہوتا تھا۔

یہ ایک بے فکری اور عیش کا زمانہ تھا جو ان دونوں کو حاصل تھا عالم باغ میں اپنے بے غم اور خوش ایسے ہوتے جیسے یہ تھے۔ چونکہ ایک دوسرے کو اپنے محبت پر کامل اعتماد اور ناز تھا۔ اسلئے اکثر حامد کی فرمایشیں عجیب و غریب

ہونے لگیں تہیں ایک دن رات کے وقت شدّت سے ابر آرہا تہا جس نے اندہیری رات کی تاریکی کو اور ترقی دے رکہی تہی۔ مینہ زور و شور سے پڑ رہا تہا۔ اور پانی کثرت سے صحن خانہ میں بہتا تہا۔ رات کا کہانا کہا کر محمود جہان آرا۔ حامد۔ بلقیس اور ناز میں دالان میں بیٹہے مزے سے باتیں کر رہے تہے۔ مگر اس گفتگو میں ناز بہت بہت کم حصّہ لیتی تہی۔ صرف اسی بات کا جواب دیتی تہی جو اُس سے کی جائے۔ اور سب سے ذرا ہٹ کے بلقیس کے پہلو میں بیٹہی تہی۔

حامد — کس شدّت سے پیاس لگ رہی ہے۔

بلقیس — (گلاس و صراحی کی طرف اشارہ کرکے) دہرا پانی۔

حامد — گرم ہوگا۔ صحن کی ٹہلیا میں ٹہنڈا ہے۔ اُس پر برابر مینہ پڑ رہا ہے۔

بلقیس — وہاں جاکر کون اپنے کپڑے بہگوئے۔

حامد — تو میں تم سے کب کہتا ہوں۔

ناز میں سمجہہ گئی کہ یہہ اشارہ کدہر ہے۔ پہلے تو ذرا جہجکی مگر اُس اندرونی جوش سے جو ہمیشہ محنّت کے کاموں میں مستعدی ظاہر کرنے کا شایق ہے مجبور ہوکر وہ اپنی معمولی دلربایانہ ادا سے اٹہی اور بارش کا بالکل خیال نہ کرکے پانی کا ایک لبالب گلاس بہر لائی۔ اوس نے دالان میں قدم رکہا اور ہر ایک آنکہہ ایک عجیب غور سے اوسے دیکہنے لگی۔ صرف حامد نے دانستہ اپنی نظر دوسری طرف متوجہ کی۔ ایک خاص شرمیلے انداز سے اوس کے قریب جاکر اپنے نازک پیارے ہاتہہ اُس نے حامد کی طرف بڑہائے مگر حامد کی شریر آنکہیں ابہی ادہر متوجہ نہ ہوئی تہیں۔ چند سکنڈ انتظار کرکے اوس نے اپنے ہاتہوں کو اور زیادہ بڑہایا۔ اور سب لوگ جو دالان میں موجود تہے۔ برابر اُسکو دیکہنے لگے۔ حامد نے بکایک ادہر نظر ڈالی اور کسیقدر تاک نازمیں لڑکی کو

دیکھا - مگر جب وہ نظریں نازنین کی نظر سے دو چار ہوئیں تو اُس کا نازک
بدن تھرتھرانے لگا - اور ہاتھوں کے رعشہ سے لبالب گلاس سے اسطرح
پانی چھلکا کہ حامد کے دامن بھیگ گئے پانی کے گرنے سے گویا نازنین
پر سینکڑوں گھڑے پانی پڑ گیا - اور بہت غنیمت ہوا کہ حامد نے فوراً
گلاس لیکر پی لیا -

ہمنے بارہا حامد کو یہ کہتے سنا کہ اس سے زیادہ تسکین وہ پانی اوسے
پھر کبھی نصیب نہ ہوا - کیونکہ اس گلاس نے اوسے محبت کے سمندر مین غوطہ دیا

باب پنجم

دل سے خیال دوست بھلایا نہ جائیگا ۔۔۔ سینہ میں داغ ہے کہ مٹایا نہ جائیگا
ہم کو ہزار شرم سہی مجھکو لاکھ ضبط ۔۔۔ اُلفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائیگا
مقصود اسکا کچھ نہ کھلا لیکن اسقدر ۔۔۔ یعنے وہ ڈھونڈتے ہیں جو پایا نہ جائیگا

رات کا وقت ہے تقریباً بارہ بج چکے ہونگے - دلربا نازنین اپنے کمرہ
میں بیٹھی کچھ سی رہی ہے - چار گھنٹہ برابر سیتے سیتے اوس کے ہاتھ
اور آنکھیں تھک گئی ہیں نیند کا خمار مجبور کر رہا ہے کہ اب آرام کرے
مگر وہ اسے کام میں ایسی مستعد ہے کہ ذرا اکی ذرا انکھ سے جھپٹا لگا لیتی
ہے اور پھر نہایت چالاکی سے اپنے کام میں مصروف ہو جاتی ہے -
اوس نے گھڑی کی طرف دیکھا اور آہستہ سے کہا کہ چاہے کتنی رات کیوں
نہ جائے میں تو پورا ہی کر کے اٹھوں گی اور اس کام ہی صرف پھر ہی بھر کا
باقی ہے جسکا بہت سا حصہ تو شیون سے ہوگا - مگر مین نے آج پہلے ہی پہل جتنا اوس
قسمت کی تیرہ وانی ہی ہے خدا کرے ٹھیک اور پسند آئے - جوں جوں وہ اپنے
کام کی تکمیل کرتی جاتی تھی اوس کے چہرہ پر بے ساختہ بشاشت کے ایک قسم کی افسردگی
چھائی جاتی تھی - تھوڑی دیر بعد اوس نے پھر اپنے کام کو جانچا - اور معلوم کیا کہ ابھی

ایک گھنٹہ کا کام اور رہا ہے۔ ہاتھہ سے کپڑا رکھکر اور بیٹھ تکیہ سے لگا کر اوس نے اپنے تھکے ہوئے اعضا کو آرام دیا اور آہستہ سے پاؤں پھیلا دیے۔ نیند جو اوس کی آنکھوں میں بھر رہی تھی اسطرح بیکار دیکھکر پھر غلبہ کر آئی۔ مگر اُس نے عہد کر لیا تھا کہ بغیر سیئے نہ سوئیگی۔ لہذا اپنے تئیں دوسری طرف متوجہ کرنے اور نیند کو ٹالنے کے لئے اُس نے سلے ہوئے پر نظر ثانی کی۔

آہستہ سے اپنی منوّر پیشانی پر ہاتھہ پھیر کر وہ بولی کہ افسوس اب زیادہ مجھے ایسا موقعہ نہ ملے گا۔ تو پھر تھوڑی دیر کے لئے میں ایسی ماندی کیوں ہوگئی یہہ خیال آنا تھا کہ اُس کے تھکے ہوئے اعضا میں ایک عجیب برقی قوّت دوڑگئی اور اپنے مشغول ہونے کے پورے گھنٹہ ڈیڑہ گھنٹہ بعد اُس نے کامل فراغت حاصل کی۔

تھکن کی شدّت اور پچھلی رات کی خوشگوار ٹھنڈی ہوا نے اوسے فوراً سلا دیا مگر اُس کا خواب بے آرام تھا۔ اُس کی کبھی کبھی آنکھہ کھل جاتی تو ایک غیر معمولی ٹھنڈی سانس کے ساتھہ کروٹ بدلی اور پھر سو رہی۔

صبح ہوئی مگر نیند کے متوالے محمود اور جہاں آرا اور بے خبری سے سو گئے صدر سیدالنسا بیگم اُٹھکر اپنی صحنچی میں نماز و وظیفہ ادا کرنے کے لئے گئی ہیں۔ نازنین لڑکی اگرچہ دیر سوئی تھی۔ مگر اپنے معمولی وقت پر بہت سویرے اٹھے۔ اُس کا چہرہ جو قدرتی بشّاش تھا آج کسیقدر اوداس اوداس معلوم ہوتا ہے۔

حامد کی معمولی خوش طبعی میں یہی فرق ہے جس اتفاق سے جب یہہ دونوں جاگے ہیں تو ایک کی دوسرے پر نظر پڑی۔ وہ موثر نظر جو دلوں میں بیٹھ جاتی ہے!!

حامد کے کمرہ کا دروازہ کھولکر نازنیں حسینہ اندر داخل ہوئے اور رات کی سی ہوئی شیروانی پیش کی۔

حامد — ابا! میں بہی تو کہوں کہ یہاں سے رکھے رکھے کپڑا غائب کہاں ہوگیا۔

نازنین — میری پہلی مشق ہے شاید پسند کے قابل نہ ہو۔

حامد — (شیروانی پہنتے ہوئے) یہ پسند کے قابل نہ ہو سبحان اللہ تم نے سی ہے۔

نازنین — (اپنی معمولی خندہ پیشانی کے ساتھ ایک دلربا نہ انداز سے مسکراتے ہوئے) شاید - ہیں - ہی - سے -

حامد — کمبخت درزی سے تو ڈبل قیمت دینے کو کہا وہ تو جب بھی رات بھر میں تیار نہ کریگا - تم نے بہت تکلیف اٹھائی -

نازنین — تکلیف کیا ہوئی - اگر آپ اس وقت پہن لیں تو میری محنت ٹھکانے لگ جائے گی -

حامد — ضرور - میں اسے پہنے ہی ہوئے جاؤں گا -

نازنین — کیا آپ آج ہی روانہ ہونگے - یہ کہتے ہوئے اس کی آنکھیں رہن کی طرح لگ گئیں -

حامد — (اندرونی نگاہ کا مقابلہ کرتے ہوئے -) ہاں میرا یہاں رہنے کا وقت بہت تھوڑا ہے - سامان بھیجا جا چکا ہے

نازنین — فی امان اللہ

حامد — بڑی سنگدل ہو -

نازنین — (نیچی نظر کرکے) اور آپ ؟

حامد — اس کا کیا جواب دے سکا کیونکہ علیگڈہ جانے کے شوق کا الزام اس کے ذمہ تھا

حامد — (بات ٹال کر) تمنے صبر سے وہاں کے سارے آسائش و آرام کو لوٹ لیا -

نازنین — (مسکراتے ہوئے) آپ تو سفر باہر ہیں مگر گھر میں رکھ چھوڑ آرام سے بیٹھی ہوں اون کی حالت زیادہ قابل افسوس ہے -

ان الفاظ نے نازنین کو شرم سے اور حامد کو اس اثر سے جو اس کے دلبر پر ہوا تھا

تھوڑی دیر کے لئے خاموش
کی غم آلود نظر سے دیکھتے رہے۔ آخرکار نازنین لڑکی نے مہر سکوت توڑی اور کہا کہ اس وقت زیادہ باتیں موجب ملال ہوں گے۔ لو رخصت! یہ کہکر اوس نے کمرہ سے جانے کے لئے قدم بڑھایا مگر حامد نے نہایت التجا سے کہا کہ ذرا ٹھہرو

حامد — ناگوار خاطر نہ ہو تو میری تصویر آپ کے پاس رہ سکتی ہے

نازنین نے بغیر ایک لفظ کہے اوس کے ہاتھ سے تصویر لے لی۔ اور فوراً چلدی اوس نے پیٹ موڑی اور حامد نے اپنے ہاتھ پر بوسہ دیا اور ساتھ ہی ایک تارے جیسی چمکدار چیز اوس کے ہاتھ میں چمکنے لگی۔

نوکر نے آواز دی کہ گاڑی تیار ہے۔ اور وہ سوار ہوکر اسٹیشن پر روانہ ہوا۔ مگر اوس کا دل غم اور افسردگی سے بھرا ہوا تھا۔ اور بارہا اوس نے ارادہ کیا کہ اپنا ارادہ ملتوی کرکے واپس چلے۔ مگر غیرت اور بات کی پچ سے نہ مانا۔

دس سے ملقبس نے نازنین کو کہا کہ اسے بلایا تو اوس کی آنکھوں میں ایک غیر معمولی سرخی آئی اور اب ان دونوں کو معلوم ہوا کہ اس حال کے ساتھ رہنے سے انہوں نے ایک دوسرے کی محبت کا کتنا ذخیرہ اکٹھا کر لیا تھا

باب ششم

عہد وصال دل سے بھلایا نہیں ہنوز — عالم مری نظر میں سمایا نہیں ہنوز
پیغام دوست کا کوئی لایا نہیں ہنوز — جسکا نسیم صبح کا آیا نہیں ہنوز
یاں دیکھ کی جواب اسد جواب خط — واں نامہ بر نے بار بھی پایا نہیں ہنوز
لگ جائے دل یہ منزل مقصود میں کہیں — ہم جس کو ڈھونڈتے ہیں وہ پایا نہیں ہنوز

دس سال کا عرصہ گزر گیا اور اس تھوڑی سی مدت میں زمانہ نے بہت سے انقلابات دکھا دیئے۔ حامد پور اودھ میں ہے۔ اوس کے خط وخال کو مردانگی اور

اسیطرح علم کی روشنی سے منور ہے - اوس کا سپاہیون اون کی علمی لیاقت بہت
اہم - اسے کا اثبات دیا ہے - اوس نے کہہ سے سرود نفرتی اور سلطانی تمدن کی
دفعیات اور اکسا سکمال سے ناہد ہیں تھوڑی کاریخ سے رانسٹد کسے امکوائین
اوس نے فن سپہگری میں بھی کچھہ کم مہارت حاصل نہین کی ہے - اوس کا نشانہ
تہریات سے زیادہ بے خطا ہوتا ہے - اوس کی آواز ہاتھ بلند اور بہادرانہ ہے
ڈرل مین پہلے سے وہ بہادر ہے نشانی ہوا - کرکٹ لوائن ہاتھہ کا کرتب ہی سے
لوٹنا بہت میں ہی اوس کے جوہر کا سب لوہا مانتے ہیں - اوس کا بہادر دل
پر از خوف بلند تھا - اور الوالعزمی کے الارات اوس کو ہمیشہ دلیری اور اطوار
مردانگی کے طرف ابھارتے ہیں [illegible] - آباد کے کمانڈران
کی سفارش سے وہ فوج میں داخل ہوکر [illegible] کپتان ہوگیا - اور اپنا
ہمارے شیر دل نوجوان کو یہہ موقع ملا کہ وہ اپنی خداداد شجاعت اور تہور کے
جوہر دکھا سکے - مگر ایک بات [illegible] اس نوجوان کو کبھی کبھی متفکر کردیتی تھی
وہ یہہ تھی کہ اوس کی نمایان ترقی نے اندر ہی اندر سینکڑون حاسد اور دشمن پیدا
کردئے تھے - جو اوس کی ترقی کو اپنی حق تلفی خیال کرتے تھے - اور اوس کے
خون کے پیاسے ہوگئے تھے جسطرح موسم گرما میں ابر کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا لمحہ
کے لئے آفتاب پر آکر اوس کی تمازت کو مدہم کردیتا ہے اور پھر غائب ہوجاتا
ہے اسیطرح یہہ خیال حامد کو افسردہ کردیتا تھا مگر وہ فوراً یہہ کہہ کر کہ ایک
سپاہی بہت سی پہاڑون سے نہیں ڈرتا ویسا ہی چونچال اور بشاش ہوجاتا تھا -

---

نوٹ [illegible] سکندر کے رقابے ایران کی دم کی [illegible] کا الیگزینڈر سے کیا تو وہ [illegible]
مگر سکندر سے [illegible] [illegible] ڈرتا [illegible]
ہوگئی - اور اوس وقت [illegible]

[illegible]
اور اس سے کہتی تھی ۔ فرصت کے وقت اکثر [illegible] گیا [illegible] خاموش بیٹھا
رہا ۔ یا اس [illegible] کوئی [illegible] کھیلی [illegible] ایسا [illegible] وہم ہوتا ہے کہ اس
ابھی آنکھیں [illegible] رہا ہے [illegible]
گئے ہیں [illegible] تمام [illegible] کس رہا ہو [illegible] آنکھیں
اصل میں ان کا حال کہیں اور [illegible] آگئے
کوئی کام [illegible] ۔ لیکن [illegible] نظر آتا تھا ۔
اور اس کی آنکھوں سے تمام خطوط [illegible] انگوٹھی [illegible] جمع ہوتے تھے وہ
[illegible] تھا ۔

ایک دن جب وہ اپنے خیالات کے سلسلہ میں اس طرح محو تھا اس نے کہا [illegible]
بانو میں وہ حامد نہیں یا وہ [illegible] نہیں ہیں ۔ اللہ اللہ ۔ ان [illegible] جلدی طبیعت
میں انقلاب پیدا ہو گیا یا تو وہ وہ عنایتیں تھیں کہ میری خاطر داری کے [illegible]
اتنا بھی ہوش نہ تھا یا یہ شہر خموشاں ہے کہ وہاں سے کوئی خبر ہی نہیں آتی ۔ بھائی
جان کو بھی [illegible] وہ کئی دفعہ لکھ چکا ہوں ۔ مگر انہوں نے بھی کچھ جواب نہیں دیا
لیکن ؎

دل کا گلہ فلک کی شکایت [illegible] یہاں نہیں — [illegible] ہاں نہیں [illegible] مہربان نہیں
ہم آج تک [illegible] یار [illegible] — [illegible] مہمان نہیں

باب ہفتم

ایک [illegible]
ایک [illegible]
[illegible]
[illegible]

ٹیان بہی ایسے اشبالوں
کے واسطے اون کو پسند نہین کرتے ۔ آرایش تو کجا یہان آسایش کے قابل بہی سامان نہین ایک چہوٹا سا پلنگ دو چار برتن ایک ٹین کا صندوق اور ایک لیمپ جس کی چمنی مین بال پڑا ہوا اور کلہ ناقص ہے اس گہر کی کل کائنات ہے ۔ اور اس کے سوا دو چار کتابین جو ایک طاق مین رکہی ہوئی ہین ۔

لیکن باوجود اس قلیل سامان کے یہہ مکان ایسا مالامال اور نادر خیال کیا جاتا ہے کہ ہر شخص کا اس پر دانت ہے ۔ اس مکان مین سب سے زیادہ بیش بہا اور قیمتی شئے جو اس مکان کی مکین ہے جو ایک نوعمر نازک اندام پیاری پری چہرہ حسین لڑکی ہے ۔ مگر افسوس جس کی لطافتین اور قابل قدر ہنرمندی جس کی شرافت اور بے انتہا عصمت جس کی سادگی اور بہولاپن اس درجہ پر ہو کہ وہ کسی باوقار نواب یا بہادر شہزادہ کے محلون کی آرایش اور اس کے دل کی مالک ہوتی جس کے چارون طرف مطیع اور فرمانبردار خواصون کا جمگہٹ ہوتا ۔ جس کے نازک ہونٹون پر ادنی سی مسکراہٹ سیکڑون دلون کو امید بندہاتی اور بہتیرون کو تسکین اور خوش قسمتی کا یقین دلاتی وہ عالی حوصلہ اور فراغ دل حسینہ جس کو حسن کی پری لطافت و نزاکت کی دیوی کہنا بیجا نہین ۔ اس کہنڈر مین جس تنہا مغموم اور افسردہ ایک لوریہ بیٹہی اپنی گہڑیان بیہودہ لگا رہی ہے ۔ لیکن اوس کا دل حوادثات زمانہ سے عشاق کے گریبان و دامن کیطرح پارہ پارہ ہے ۔ اوسکا رنگ جو تہوڑے عرصہ پہلے گلاب کی پتی جیسا خوشنما تہا ۔ اب موسم خزان کے برگ کیطرح زرد اور مرجہایا ہوا ہے ۔ اوس کی آنکہین جو پہلے بہی چالاکی اور بے چین کرنیوالی شرارت کا نشان دیتی تہین مگر حسن کو قدرتی اور جبلی حیا ہمیشہ روکے رہتی تہی اب آنسوؤن سے پرنم اور شرمگینی سے نیچے جہکی رہتی ہین مگر اون کی خوبصورتی اور خوشنمائی سے ایک سا رنگ اختیار کرلیا ہے ۔ پیہم اور بے درپے طوفان اشک اون کو سرخ رکہتا ہے اور جب کبہی وہ ٹہنڈا سانس بہر کر بطور آہ سرد اٹہاتی ہے تو اوس میں جگر کو خون اور

خوں کو آب بہانے کی پوری قوت ظاہر ہوتی ہے کہ دل کا پہول ایسی خوشنمائی سے
سطح آب پر نہیں بہتا۔ جیسی وہ پیاری نرگسیں آنکہیں پاک اور شفاف آنسوؤں
کی طغیانی میں ڈہلکی رہتی تہیں۔ اوس نے آسمان کی طرف نظر اٹہائی اور آنسو کا
ایک قطرہ رخساروں سے بہتا ہوا دامن پر گرا اس نے کہا " اے میری پیاری
ماں اگر تجہے مجہکو چہوڑ جانا تہا تو اتنے دن تک ملنے ہی کی کیا ضرورت تہی۔
افسوس میں پیدا نہ ہوتی یا اگر ہوئی تہی تو مر جاتی اے ماں۔ الو تو مجہ سے
محبت کرتی تہی اور مجہے اپنی جان کہتی تہی آج تیری جان اس مصیبت میں گرفتار
اور تو اس طرح فارغ خاں میں بے غم۔ کیا کوئی بغیر جان کے رہ سکتا ہے جو تو میرے
بن فردوس میں ہے؟ مجہے بہی بلا لے ہاں ہاں جلد بلا لے۔ دیکہ ہو لے"

اس طرح نوحہ کرتے کرتے نوجوان لڑکی نے ایک زور سے چیخ ماری اور
ہائے ہائے کر کے رونے لگی۔ یہہ پہلا دن تہا کہ اس نوجوان لڑکی کی آواز ہمسایہ
سنی ہو۔ مصیبت اور لیکن آواز نے پڑوس کی بڑہیا کے دل میں ہمدردی
پیدا کی اور وہ تہوڑی دیر بعد مکان میں اس غرض سے داخل ہوئی کہ مصیبت زدہ
کلیں کے درد کو معلوم کرے اور اگر ممکن ہو تو اسے تسلی دے۔ بڑہیا مکان
میں داخل ہوئی۔ تو نوعمر حسینہ کو غشی اور بے ہوشی کے عالم میں پایا۔ اوس نے
نہایت غور سے ٹٹولا اور معلوم کیا کہ زندہ ہے۔ پانی کے چہینٹے اور صندل
کی خوشبو تیز شیشے کی ٹہنڈی ہوا کوئی دس منٹ بعد اسے ہوش میں لائے
اور اپنے سرہانے بیمار دار کو دیکہکر اوس نے ضعیف اور کمزور آواز سے کہا
کہ مجہے مرنے دو۔

بخواب عدم راحتے داشتم ۔ ازین خواب بیدار کہ بیدار کرد۔

تشریح کار ہا ند بدہ عورت اس خیال سے کہ مبادا اس کے جواب زیادہ
رنج و غم کا باعث ہوں کچہ نہ بولی اور تہوڑا سا پانی ملا کر اٹہایا۔ اور منہ پر
پنکہا جہلنے لگی۔

نازنین — تم آدمی ہو یا اس صورت میں کوئی فرشتہ خدا نے میری مدد کو بھیجا ہے۔

عورت — میں یہیں دیوار سے بیچ رہتی ہوں۔ مگر مجھے تمہارے اس مکان میں آنے کی بالکل خبر نہیں برسوں تک تو یہ بند پڑا تھا۔

نازنین — میں نے کل ہی اسے کرایہ پر لیا ہے۔

عورت — کیا تم اکیلی ہو۔

نازنین — اب تو بے شک اکیلی ہوں۔

عورت — آخر تم یہاں کیونکر آئیں کس نے مکان لیکر دیا۔ تم میں تو مجھے اتنی حرارت نہیں معلوم ہوتی۔

نازنین — (آنکھوں سے آنسو پونچھتے ہوئے) میری ہمراہ ایک ماما تھی جس نے یہ مکان تلاش کر دیا تھا۔ مگر وہ کمبخت آج صبح سے ایسی گئی کہ ابتک پھر کر نہیں آئی۔

عورت — عجب نمک حرام ہے۔ اس عالم میں اوسے چھوڑ کر جانا ہی کیا ضرور تھا۔

نازنین — جی ہاں۔ وہ عجب بیہودہ ہے اور اب مجھے اس کو زیادہ نوکر رکھنے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہے۔ مگر خدا کرے کوئی اور بھلے مانس آدمی مل جائے۔ اچھی میری ماں کیا تم تلاش کر دو گی۔؟

عورت — کیوں ڈر کیوں معلوم ہوتا ہے۔

نازنین — وہ کچھ اچھے آدمی نہیں ہے۔

عورت — اچھا تو میں فخرن کی اماں کو کہدونگی۔ وہ دو چار کام تمہارے کر جایا کرینگی۔

نازنین — مجھے تو ایسے آدمی کی ضرورت ہے جو سرات بھر میرے پاس رہے رات کو مجھے ڈر معلوم ہوگا (نہایت التجا کے لہجہ میں) کیا تم آج

سکے ہاں نہ سور ہو گی۔

عورت — بیٹی مجھے کیا عذر ہے مگر تم اپنا حال تو مجھ سے کہو۔

نازنین لڑکی نے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور اُسا معلوم ہوا کہ کسی بھاری بوجھ نے اوس کے دل کو دبا دیا۔ اور وہ بمشکل تمام اپنے دل کے اٹھتے ہوئے طوفان کے خلاف سنبھلی۔

نازنین — مجھ مین اس وقت اتنی طاقت نہین۔ کہ اس ذکر کو چھیڑون ورنہ صبح مجھے مردہ دیکھے گی۔ اور آپ کو زیادہ تکلیف اٹھانی پڑے گی کہ ایک لاوارث لڑکی کو دفن کرین۔ اگر مجھے آپ کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو موت کی تو مین نہایت آرزو سے خواہشمند ہون۔ وہ یہہ فقرہ کہہ رہی تھی اور اس کی آواز لڑکھڑائی جاتی تھی اور دل بھرا آتا تھا۔

ہم روئے نہ آجائین تو دریا ہی بہائین
شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

باب ہشتم

درمیان قصر در باشمت سدم کردہ۔ مار میگوئی کہ دامن ترمکن ہشیار باش

نیک دل بڑھیا تھوڑی دیر تک دلاسا دیتی رہی اور تلقین صبر کے بہت سی باتین کر کے کہنے لگی کہ تم سچ کہتی تھیں ماما آج نہ پھرے گی۔ اچھا تو میں بچوں کو روٹی ٹکڑا دے آؤں اور دیکھوں شاید چھمن کی اماں مل جائین۔ تو اُن کو بھی کبھی آؤں گی خدا کرے وہ کہین نوکر نہ ہو گئی ہون۔ سنا تھا کہ نواب حسمت اللہ خان کے ہان گئی ہیں۔ بچے دن بھر کے بھوکے پیاسے رات کو آتے ہیں میں نہین ہوتی تو بیچارے پریشان ہوتے ہین۔

نازنین — اچھا آپ تشریف لے جائین مگر جلد از جلد ہی آنا۔

بڑھیا — میں ابھی آئی اور خود یہین آکر کھانا کھاؤں گی کیا کرون میں تو نہ جاتی یہ بچون کی مشکل ہے۔ اللہ رکھے دیکھا کو وہ تو ابھی بچہ سے بہی ہو گا کوئی

سولہ سترہ برس کا جب سے اکبر کی بیوی مری ہے وہ بہی میرے ہی ساتہ ہے - میری جان کو سب سمجھے ہی ہیں۔

بڑھیا اسطرح باتیں کرتے کرتے دروازہ تک جاتی ہے لیکن مڑ مڑ کر یہہ کہنے کے لئے دیکہتی جاتی ہے کہ ذرا بات میں ابہی آئی کی آئی ہوں - مگر زیادہ فاصلے نے اس تکرار کا موقع نہ دیا - بوڑھی اپنے گہر کی طرف راہی ہوئے

یہاں فرصت پاکر پہر اُن خیالات نے آگہیرا جن کو بڑھیا کی موجودگی اب تک روکے ہوئے تہیں - لیکن اب ان میں سب سے زیادہ اندیشہ ڈاکو کا ہے جو ذرا سے کہٹکے اور ہوا کے سنسنانے سے اس قدر پیدا ہو جاتا ہے کہ خوفزدہ آنکہیں تشویش سے کبہی چاروں طرف دیکہنے لگتی ہیں - لیکن اتنی ہمت نہیں پڑتی کہ دالان سے باہر جا سکیں - اور اصل سبب معلوم کرکے خوف مٹائیں۔

چراغ کی ٹمٹماتی ہوئی روشنی سے دہڑکتا ہوا دل چہاروں طرف دیکہ رہا ہے جن کی ہیبت ابتدا سے سرمایہ ہی تہی - گویا آج ہی ان کی شعاعوں کو یہ موقع ملا ہے کہ آنکہ بہر کر اُن رخسار آتشیں کو دیکہ سکیں جنہوں نے اپنا نور عدا زمانہ کی نذر کرکے شرافت کے پہول کی سی دلفریبی حاصل کی ہے - بیری چہٹنار میں ہوگی دیر بعد لڑکھڑاتی اُٹہی کہ دروازے کی کنڈی لگا کر ان ڈر سے نجات پائے - ہاتہ میں چراغ اٹہایا - اور آہستہ آہستہ قدم اٹہاتی تہی - ہر قدم قدم پر قدم سے قدموں کا ہوا ہوا تہا - اس نازنین پردہ نشین کا کسی وقت پر ڈر سے سہج - چلتا کر دالان کی طرف بڑہی لیکن ہاتہ کانپا جاتا تہا اور چہرہ پر ہوائیاں اڑ رہی تہیں دل کی دہڑکن کا یہہ حال تہا کہ اگر کوئی قریب ہوتا تو سنائی دیتی - چراغ اس کے ہاتہ میں گہڑی ہونے کا گمان کرانا کانپتے ہوئے ہاتوں سے مشکل یہہ دروازے کی کنڈی تک پہنچ سکی لیکن عجب یہہ ہوا کہ ایک ہوا کا جہونکا اس زور سے آیا کہ چراغ گل ہو گیا - اور ساتہ ہی باہر سے کواڑوں کو کسی نے دہکا دیا - چراغ کا بجہنا تہا کہ جو اس من کو اب تک تہام تہام کر رکہا تہا سب ان ہو گئے - اور کواڑوں میں کسی شخص کی آہٹ سے ایسا خوف چہایا

دھڑام سے زمین پر گر پڑی ۔ سنبھلتے ہوئے تھے چراغ کی بجلی کی سی چمک اور گرنے کی آواز سے آنے والے شخص کو پھرتی کے ساتھ اور متوجہ کیا ۔ دوڑ کر سنبھالا اور گھبرائے ہوئے آواز میں کہا ۔ "بیوی جی صاحبہ !! بیوی !! بیوی !! یا اللہ یہ کیا ہے، تو بولتی ہی نہیں اسے یہ ڈر گئیں (دو ایک سیکنڈ تک حیران دیکھ کر) کچھ ہوش آئے گا ۔ بہتیرا چیختی ہوں پکارتی ہوں جواب ہی نہیں ۔ نہیں (لمحہ کی لمحہ کچھ سوچ کر) ان کو اندر لے جا کر تو لٹاؤں دل تو دیکھو کیا دھک دھک کر رہا ہے ۔ (صحن میں پلنگ پر لٹا کر پانی کے چھینٹے دیتے ہوئے) بیوی ! بیوی !! اجی میری بیوی جی خدا کے واسطے آنکھیں کھولو ۔

نازنین (چشم نیم باز سے) کیا ہے (کروٹ بدل کر اور ذرا چونک کر) کون ہے ؟

اندر آنے والی عورت بیوی جی میں ہوں کلثوم ۔ دھرا کیسا کچھ میں تو اپنا دل کر گئی تھی ۔

نازنین تمہاری بلا سے کہ میں کہیں بھی ہوں ۔

عورت بیوی جی ! اللہ کی قسم اس وقت ... ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے ۔ آج میں وہاں گئی کیوں نہیں

نازنین وہاں کیا ... آ کر کہتا ہے کہاں تک اب تم لے جاتے ۔ تیری

تمہاری ... کی بدولت ہی ہوتا ہے ۔

عورت آپ خواہی نخواہی مجھے ہی بہت آلا ... اگر ... ہی ہمارا ... آپ کا ناک ... کرتے نکلا

نازنین ... تو کسی کو ... چاہی ۔ آج ... طالع ... چھپا کمبخت ... جہاں ... ان کی

عورت خدا نہ کرے ... !! آپ کے دشمن مریں ۔

نازنین (طنزاً) دشمن مریں !! خدا بھلا کرے ... اور ... دے

جانے ابھی اور کیا کیا میری قسمت میں لکھا ہے ابتدا یہ کچھ ہے تو انتہا تو کیا ہی ہونی ہے ۔

عورت — نہ گھبراؤ نہ پریشان ہو اللہ والی ہے ۔ آپ تو اپنے خاوند ان مشکلوں میں پڑیں وہ گذری ہوئی کچھ بات ہی ہو مگر میری خطا معاف ہو آپ جیسا اچھا ہی آدمی ہی نہ دیکھا ہوگا ۔ انہوں نے کیسی کیسی مشقت کی ہیں سے کس کس طرح سمجھایا مگر بیٹے کی ایک نہ مانی ہی ہمیشہ ۔ اور سچ کہتی ہوں اب بھی وہ آپ کے کوٹھے کے غلام ہیں ۔ دیکھو تو آپ کی کیسی کیسی خدمت کی کن کن مشکلوں سے آپ کی جائداد چھڑائی پر یہ بد گیا جس کا یہ انجام ۔

نازنین — پھر میں ان کو پانچ سو روپیہ دیتی تو تھی ۔ دکانوں کو اپنے خاوند سے عرض ہوتی ہے اور کیا چاہتے ہیں

عورت — آپ نے کوئی ان کو فقیر سمجھا ہے ۔ ایسے ایسے پانچ سو کی انہیں پروا تھوڑی ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ روپیہ تو میں چاہتا ہی نہیں ۔

نازنین — لو یہ تم خبر ہی کہ وہ ملی اور شہر والی قتل کریں گے ۔ کہ وہ بڑھیوں سے پھر چرایا اور لگیں کہنے کہ کیوں لڑکے باتیں ۔ ایک شہر در آن میں جج بیٹھے اور وہ ماسٹر وکیل سے کہا اور پھر لایا تو ایک سال گیا ۔ جج صاحب نے ایک ٹکڑا کر کر کہا اور دوسرا بچہ گیا ۔ اور میں سے بہت سا پیشہ کر لیا مالکان گھبرائیں کہ یہ تو مفت ہی چلا چلا کر کہنے لگیں کہ بس ہم راضی ہیں لیکن جدا کا ۔ پھر فرمانے لگے کہ ... حق ہے تو انہوں نے حق سمجھا ہماری جائداد لے کر ... اور دوسرا ... باقی ہے

عورت — اللہ کوئی کسی کی جائداد چھین سکتا ہے ۔ ایسا کوئی اندھیر تھوڑا ہی آ گیا ہے ... خدا آپ کی جائداد

ہیں آپ کو ریسا نصیب کرے ۔

نازنین — یہہ نصیب ہو رہا ہے کہ آج اس کھنڈر میں پڑی ہوں خدا کسی کو فانہ ویران نہ کرے مجھے ستا کر کوئی کیا پھل پائے گا ۔

عورت — سچ ہے بیوی سچ ہے ۔ آپ کی حالت کو دیکھی نہیں جاتی اللہ !! ایک وہ زمانہ تھا ــــــــ مگر بیوی مصیبت تو پیغمبروں پر بھی آئی ہے ۔

نازنین — (نہایت افسردگی سے) ہاں ۔ ع ۔ جو کچھ خدا دکھائے سو ناچار دیکھنا ۔

عورت — مگر بیوی ایک عرض میری بھی ہے ۔ کہ انسان کو چاہئے کہ سوچ سمجھ کر کام کرے ۔ اور عقل سے مصیبت کے دفعیہ کی کوشش کرے ۔ آپ باشاء اللہ سمجھدار ہیں ۔ بھی اٹری تو دیکھوں ۔ پڑھی لکھی اور پھر یہہ ہٹ کہ الامان دنیا اودھر سے ادھر ہو گئی مگر ہم نہیں ہاں ۔ ۔ ۔ نہیں ۔

نازنین — (فقرہ سمجھ کر) ۔ ۔ ۔ ایک طرف آنکھ ٹھا نہایت غلط ۔

عورت — میں تو بڑی روای ۔ ۔ ۔ بھلا یہہ تو خیال کرو کہ آخر آپ ۔ ۔ ۔ اس سے بہتر دنیا میں اور کیا پا لیں گی ۔

نازنین — (غصہ اور غضب کی بھری ہوئی آواز میں) پھر وہی ذکر چھیڑا ۔ میں کہہ چکی ہوں کہ اب میرے سامنے یہہ ذکر نہ آئے ۔ ہائے اللہ اچھی میں یہاں آئی تو اور ۔ ۔ ۔ میرا پیچھا نہیں چھوٹا ۔ ۔ ۔ سے کچھ رشوت ۔ ۔ ۔ میں ۔ ۔ ۔ کی بلا سے اب میں آنے کی ۔ تو پھر کیوں نہ یہاں آ کر مری ۔

لو دی ۔ ۔ ۔ عورتیں جب کسی کی تعریف ۔ ۔ ۔ کرتی ہیں تو اظہار خوشامد کے طور پر کہتی ہیں کہ میں اری اٹری تو دیکھوں ۔ آپ کے استعمال میں اس فقرہ سے مدح ادا کی نظر ۔ ۔ ۔ ظاہر ہے ۔

عورت — بھلا میرا دل تو کاہے کو مانتا تھا کہ آپ کو چھوڑ دون - اور وہ بھی اس حالت مین - ہم بھی تمہارے قدمون کے تلے نکلنگا -

نازنین — جب ہی تو مین بہت سے غائب تھی -

عورت — بیوی تم پھر خفا ہو گی کہ پھر وہی ذکر - سامنے سے چلے آتے تھے - دیکھتے ہی گاڑی ٹھیرا لی - بہتیرا مین نے عذر کیا ایک نہ مانی اور مکان پر لے ہی گئی - وہی ذکر - مجھکو آپ کا خیال لگا ہوا تھا - گو اون سے کہہ نہ سکتی تھی کہ اب آپ کہان ہین - ناچار بیٹھی رہی - مین نے بھی بہت ہی لعنت ملامت کی کہ یاد ہی کرینگے - مگر مرا کچھ ایسا عہدہ پایا ہے کہ کہا مقر اور فرا اپنی سبو ری پر طل آتا ہو - سنا گئے اور بہا گئے - کہنے لگے کہ اگر اس سودے مین سر بھی جائے تو پروا نہین - اور بس لو

نازنین — (چین بجبین ہوکر) اب آپ پھر رام کہانی نہ کہئے مجھے نہ سنئے کا یار اس میری بلا سے ہم کہین گئی تھین

عورت — مین نے پہلے ہی کہتی تھی کہ خفا ہو - لیکن کیا کرون آگئی تھی

نازنین — بس اب بہت سُن لی اب ایسی افلاطون کی بھی نہ سنو نگی -

عورت — پھر اس سے فائدہ اس مین سوائے رسوائی اور کیا ہے

دھرا ہی کیا ہے غصّہ کی سرکشی سے لال بھبھوکا چہرہ پھر سرخ ہو گیا - اور جب وہ کہ اون آنکھین ماما پر پڑین نرگس کی طرح عورت پر جس سے کانپ اٹھی -

نازنین — بس بس میرے منہ زیادہ مت لگ - مین تیری بہت کی کرتی ہون تو نے مجھے سمجھا کیا ہے - رسوائی خدا نخواستہ میری کیون ہونے -

عورت — کا ہے کو ہوئے - جو بی سعادت کرو تو تمہارے صدقہ گئی بھلا لونڈی کی یہ کیا مجال ہے کہ آپ کے سامنے کوئی کلمہ ناحق کا زبان سے نکالے بس قصور ہوا ہمار دی کی راہ سے کہا تھا

نازنین — اسے ہمدردی - ایسے کو - اچھے وہ تو ایسے بہت سے

آئندہ الا سے کا کی کر [illegible] ۔ دی کی ضرورت [illegible] ہے گی ۔

ماما (ہاتھ جوڑ کر) میری بہو کیا ایسی بات زبان سے مت نکالو ۔ اللہ کرے تمہارا بال بیکا نہ ہو ۔ اور بھلا یہہ کب ہو سکتا ہے ۔ کیا خدا کو آپکو اس کام اس [illegible] دینا ہو گا ۔ جان لینا خدا ہی کی ہے ۔

یہہ الفاظ کچھ ایسے پریشان کر دینے والے تھے کہ بیمار دلدار نہیں سنا بلکہ زخم ہو گئی ۔ گویا اوس کے سارے منصوبوں پر پانی پھر گیا ۔ اور کی کرائی تدبیرین خاک مین مل گئین ۔ [illegible] اور [illegible] کیسی کی تصویر مین سامنے آ کھڑی ہوئین ۔ اور آبدیدہ ہو کر کہنے لگی کہ چیر جدا کی مری درمیان نصیر یا شکستہ منہدم کر دیا ۔ [illegible] نازنے کوئی کہہ اس نے کل ہتھیارڈ الا تھوڑی دیر سکوت کا عالم رہا اور در و دیوار کو حسرت اور یاس سے دیکھتے دیکھتے وہیں رہ گئی ۔

باب نہم

عاصمہ کی خبر دار جانے ۔ اتو آرام سے گذر رہی ہے

اگر ایک دفعہ کے واسطے ہمارے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی سوسائٹیان منعقد ہوئین تو شاید اکبر کے بالاخانہ اور وہاں کے مجمع کی شہرت نیشنل[55] کانگریس سے کچھ کم

نوٹ ۔ ۱۹ سال [illegible] اور [illegible] دراصل [illegible] ۔

[55] [illegible] کا [illegible] ایک مجلس ہے جو سنہ ۱۸۸۷ء میں [illegible] ۔ اس کا پہلا جلسہ کلکتہ میں ہوا تھا اور مسٹر ہیوم بانی اور محرک ہے ۔ اس کے قائم کرنے سے غرض یہی کہ ہندوستانی جو مطلع اور وفادار ہوشیار لائق شخص ہیں سوائے غلامی کی حالت کے اہل اور [illegible] سطح رکھے جائیں اور ان کو [illegible] ۔ نام ہی کو بلکہ حقیقت میں انگریزی رعایا [illegible] اور [illegible] ہو سکے [illegible] بلکہ خود گورنمنٹ کے واسطے بھی مفید ہو گا ۔ کیونکہ گورنمنٹ اپنی قیام کے لئے صرف ہمارو [illegible] اور [illegible] رکھی ہو بہت کمزور رہتی ہے ۔ مثلاً اس گورنمنٹ کی بنیاد [illegible] وفاداری [illegible]

وطنی کے خط و خال سے آراستہ تھا۔ ایک زمانہ تھا کہ دہلی علوم و فنون کا مرکز اور تہذیب اخلاق کا منبع تھی لیکن افسوس کہ اب یہ باتیں یہاں خواب و خیال ہیں۔ شریفوں کی بے تربیت اولاد اُن تمام خوبیوں سے معرا ہے جو عموماً خاندانی بزرگوں کا جوہر رہی ہوں۔

بلی ماروں کے نکڑ پر ایک خوشنما بالاخانہ معمولی فرش اور آرائش کے سامان سے مزین ہے۔ اور گرمی کی ٹھنڈی راتوں میں البیلے نوجوانوں کا عموماً مسکن رہتا ہے اس مکان کو ایک خصوصیت یہ حاصل ہے کہ سال کے کسی دن میں صبح سے شام کے چار بجے تک یہاں انسان کی آواز نہیں سنائی دیتی۔ اور مغرب کے بعد سے رات کے اکثر شروع حصوں میں بہت دیر تک اس کمرہ کے بے فکر اور بے باک چہچہے ہر رہرو کو بھی لمحہ کے لیے رشک سے ادھر متوجہ کر دیتے ہیں۔

اکبر علی۔ منصور خاں۔ فرحت مرزا۔ حیدر بیگ۔ جہاندار شاہ۔ شریف خاں حسین علی۔ بدر الدین۔ اس کمیٹی کے اہلی ممبر ہیں جن کا جلسہ ہر روز رات کو ہوتا ہے۔ اور ان کی پابندی نے ثابت کر دیا کہ ہندوستانیوں پر ان شکایتوں کا الزام بے جا اور سراسر بہتان ہے۔ اس مجلس کی اغراض نہ تو علمی یا ملکی معاملات پر مبنی تھیں اور اگر ایسا ہوتا تو اس کی یہ رونق نہ ہوتی جو ہونے والی ہی نہ تھی بلکہ اس کا اصل مدعا تھا دل بہلانے کی صحبتیں اور تفریح۔ لیکن وہ تفریح جو دل و دماغ کو بالکل ریزہ کر کے خراب اور بے کار کر دینے والی ہے۔ تاش، گنجفہ، شطرنج، چوسر وغیرہ مشاغل ذاتی کمال اور شائستگی اور عمر مہذب مذاق زمانہ کا جوہر خیال کیا جاتا تھا ان لوگوں کو اگر یہ دھوکا گمان تھا کہ اپنی آبا و اجداد کی عالی خاندانی اور بزرگی پر۔ اور ان سب پر رحم سلطان کو دیکھ کر ہی موچھوں پر تاؤ دیتے تھے۔ لیکن اصل میں اُن بزرگوں کی گذشتہ عظمت کا یاد دلانا اپنی اوچھے پن اور نالائقی ظاہر کرنا ہے۔ مصرعہ۔ پدر خود اپنی علم بہ آموز !!

نوجوان ہے اور دلی کے بانکے چھیلاؤں کا ایسا فیشن رکھتا ہے۔ باپ ایک معقول جائداد کا مالک تھا اور شہر کے شریف اور سردار آدمیوں میں شمار ہوتا تھا۔ اکبر ابھی بچہ ہی سا تھا کہ باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ ماں بیچاری عورت ذات خاطر خواہ اولاد کو تعلیم ہو سکی محلے کے حافظ جی سے کہہ دیا انہوں نے بہ ہزار دقت سات سال کے عرصہ میں قرآن شریف پڑھا دیا۔ مگر جب مکتب چھوڑا ہے۔ تو پورا دہ ہی یاد نہ تھا۔ استاد فرشتہ خصلت آدمی یہ شریر چنچل ہر روز بہانہ کرتا اور ایک حرف نہ پڑھتا۔ یہ حال دیکھا تو بیچاری ماں نے زردوزی کے کام پر بٹھا دیا۔ کچھ دنوں تو اس میں بھی بہت کچھ خاک اڑائی لیکن بارے خدا خدا کر کے اتنا سیکھ لیا کہ بری بھلی طرح اپنا پیٹ پال لیں۔ اس طبیعت کی رنگینی اور عیش پسندی سے جو بزرگوں کی میراث سے چلی آتی تھی یہ رنگ اختیار کیا کہ فرصت کے وقت کو دوست احباب کے جلسوں میں بسر کرنے لگے۔ دلی جیسے شہر میں بے فکروں اور عیش کے بندوں کی کیا کمی تھی۔ تھوڑے ہی دنوں جلسے نے وہ رونق پکڑی کہ اس کا عشر عشیر آج کل محمڈن[1] ایجوکیشنل کانفرنس کو نصیب نہیں آئے دن جلسے ہوتے اور میلوں کی رونقیں بڑھائی جاتیں۔ غرض ہر روز عید ہو یا نہ ہو مگر ہر رات شب برات تھی۔ اس جلسے کے ممبروں میں مصیبت۔ افلاس۔ رنج سب کچھ ہو مگر یہ تھی تو عاقبت اندیشی جو کبھی ان کو ان کے افعال سے پشیمان کرتی یا بار رکھتی۔ جس رات کا ہم ذکر کرتے ہیں اس روز اکبر کے چہرے سے کچھ معمول سے زیادہ

(لہ) ۱۸۹۶ء میں ڈاکٹر سر سید احمد خان صاحب بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ایل ایل ڈی نے جو مسلمانوں کے حامی اور بہی خواہ تھے اہل اسلام کی اصلاح اور ترقی تعلیم کے واسطے ایک کانفرنس محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے نام سے قائم کی جس کے جلسے مختلف شہروں میں سالانہ ہوتے ہیں اور دور دور سے علماء و فضلاء بلائے جاتے ہیں۔ جو سید صاحب کا اس کے سکریٹری بلکہ ہمارے دوست و ہمدرد دوست تھے ۱۸۹۳ء میں جب کانفرنس کا ساتواں جلسہ بمقام دہلی تھا تو راقم کو بھی شرکت کا اتفاق ہوا تھا۔ جلسہ بڑی دھوم دھام کا تھا اور حقیقت ایسا ہی ہونا چاہئے خدا کرے کوئی عملی فائدہ بھی پیدا ہو۔

خوشی کے آثار پائے جاتے ہیں۔ اُس کا بار بار اپنے لباس کی طرف دیکھنا بتا رہا ہے کہ ضرور کوئی خصوصیت اُدھر متوجہ کر رہی ہے۔

منصور: یار یہ میں تو بہار آج سب سے چین کئے دیتا ہے۔

اکبر: ہاں اُس نے مجھے بھی آج بے چین کر رکھا ہے۔

فرحت: پھر تو غلط ہے آج تو آپ کچھ عجیب جوش جوش نظر آتے ہیں۔

حیدر: میں بھی سوچ رہا ہوں کہ آخر کیا بات ہے۔

منصور: آج تو انہوں کچھ پایا ہے سج بنا کر کیا ہے۔

اکبر: (مسکراتے ہوئے) بتانے کی بات نہیں ہے۔

فرحت: خیر وہ تو کچھ بھی سو ہے۔ لیکن ہر ایک صاحب کی سر [illegible]

[illegible]: ملی [illegible] کی

اکبر: آپ کی دعا سے ایسا ہی ماکمال رہا ہے۔

منصور: (طنزاً) [illegible] کے [illegible] اول کی [illegible] [15]

حیدر: [illegible] بال سرلو اسکے مٹی ہو [illegible] [16]

نوٹ [illegible]) [illegible] شاہ بادشاہ مرائی دہلی میں [illegible] صاحب [illegible] کی [illegible] سے [illegible] جا کر یہ [illegible] عام محفلہ امارات [illegible] وہوا اور [illegible] خصوصاً موسم [illegible] بہار کا عالم ہوتا ہے خنکی [illegible] ہوا [illegible] بال [illegible] (کہ بادشاہ کو کا [illegible] ہے) تو [illegible] ہیں شہر [illegible] ہوتا ہے [illegible] آتی [illegible] ساہ یہاں آکر [illegible] رستہ [illegible] بہار [illegible] ہو گیا۔ اور [illegible] ماہ [illegible] اور [illegible] حضرت [illegible] کی مزار [illegible] کھانا [illegible] سے [illegible] پھول والوں کی طرف سے پھولوں کا [illegible] جاتا ہے [illegible] تاریخ [illegible] احمد نظام الدین حضرت [illegible] رحمۃ اللہ علیہ کا عرس [illegible] سے [illegible] رات [illegible] عمارت [illegible] سے [illegible] جاتے ہیں [illegible] کی رونق [illegible] عرس [illegible] آیا

اکبر — ابھی پلو۔

منصور — اچھی خبر۔ آج تو آپ کی شان ہی دوسری ہے۔ صلاح کر کے سامان کرنا چاہئے ——— تو بج گئے تو ہم تو جاتے ہیں۔

اکبر — ہائیں! ہائیں!! ابھی سے۔

منصور — ضروری کام ہے۔

اکبر — اچھا مگر ہمارا بھی کام یاد رکھنا۔

منصور — سحن مروان جان دارد۔ ! السلام علیکم

حیدر — آقا ٹھیرو ہم بھی چلے آخر ساتھ رہے یار۔

ان دونوں کے جانے کے بعد اکبر و منصور کو یہ موقعہ ملا کہ وہ آپس میں راز کی باتیں کریں۔ اکبر منصور سے کچھ چپکے چپکے کہ رہا ہے۔ اور وہ نہایت استعجاب سے سن رہا ہے

باب دہم

ار کجا می آئی اے سرت خوبی محو ناز۔ عطر آہنگس تا بد ان عنبر افشاں کاکلم

ہمارے شہر دل نوجوان حامد کے معاہدے اس قدر عالمگیر شہرت حاصل کر لی تھی۔ کہ حیدر آباد کا بچہ بچہ اوسے قدر کی نگاہ سے دیکھتا اور عزت کی آنکھ ہونیز بٹھاتا تھا اس کی خوش خلقی اور اعلیٰ درجہ کی لیاقت نے ہر درجہ اور ہر طبقہ کے لوگوں کے دلوں میں ایسا گھر بنا لیا تھا۔ اور لوٹے مشک کی طرح اوس کے اوصاف حمیدہ کے چرچے پھیلنے لگے تھے اوسے حیدر آباد میں قدم رکھے ابھی دو سال نہیں ہوئے مگر ہر انجمن ہر جلسہ ہر سوسائٹی میں وہ معزز مہمان تھا۔ اور نہایت اشتیاق سے لوگ اوس کے عالی خیالات سے استفادہ کرتے تھے۔ اوس کی بڑھی ہوئی معلومات اور علم وفضل کا لوہا اچھے اچھوں نے مان لیا تھا۔ وہ بزرگ جو اپنی قوم کے نونہالوں کو پھلا پھولا دیکھنے کے آرزومند ہیں اس نوجوان سیلفمر کی قدر و منزلت کرتے اور ہر طرح اس کی بہبودی میں ساعی رہتے۔ اور صرف یہی وجہ تھی کہ باوجود

اچھی طرح جانتا اور ان کینہ توز اشخاص کو خوب پہچانتا تھا۔ مگر یا تو اپنی نیک نیتی اور قابلیت کے زعم میں یا فراخ حوصلگی اور بلند نظری سے اوس کی ابرو پر کبھی چین نہیں پڑا۔ جب سازشیں یا دشمنوں کی مخالفتیں اوس پر ظاہر ہوتیں تو سطحی بے پروائی سے ٹال دیتا یا ہنس دیتا کہ گویا یہہ کوئی بات ہی نہیں رفتہ رفتہ اوس کے حلم اور بردباری نے دلوں کو ایسا تسخیر کیا کہ خود مخالف ہو ہو کر وہی لوگ اوس کی مدح خوان دوست ہو گئے۔ کیونکہ کوششیں بیکار ایسے شخص کی مخالفت پر ہمیشہ ملامت کی۔ یہہ حال دیکھ کر دوست اور بھی اوس کی خوبیوں کا کلمہ پڑھنے لگے۔ یہہ عمر کا جو بیسوان سال تھا جو انسانی زندگی کے عروج کا زمانہ ہے۔

وہی ورزشوں نے اوسے اور بھی چست و چالاک اور سڈول بنا دیا تھا اور مجلسوں میں آنکھیں اور انگلیاں اس کی طرف اٹھتی تہین اوس کے فوٹو اصلی قیمت سے بھی زیادہ قیمت پر فروخت ہوتے تھے۔

حامد کی خوبصورتی اور ہر دل عزیز ہونا ایک فوٹوگرافر لیڈی مس لیمبارٹ کے حق میں مفید ہوا۔ وہ آج کل حامد کی کوٹھی کے قریب ایک دوسرے مکان میں فروکش تہی۔ یہہ لیڈی فن مصوری سے اچھی طرح واقف تہی۔ اور اکثر اُن موقعوں اور جلسوں کی تصویریں کھینچتی تہی جن میں حامد کی شرکت ہو۔ یہہ تصویریں ہاتھوں ہاتھ بک جاتی تہیں کیونکہ ان دنوں حامد کی تصویر سے البم کی آرائش کچھ فیشن میں شمار ہونے لگی تہی۔ لیڈی فن مصوری کے علاوہ کچھ موسیقی میں بھی دخل رکھتی تہی اور ظاہری بناو سنگہار سے اپنے خداداد حسن کو اور رونق دینے کی بہت شائق تہی۔ یہہ امور بہت جلد حامد سے تعارف کا سبب واقع ہوئے اور وہ بہت سا وقت ہارمونیم یا کوئی دلکش راگ سے یا اس دلفریب صورت کے ساتھ گفتگو میں گذار دینے لگا۔ جوان لیڈی کی دلربا ادا اوس کبھی تو اوس کو

معصوم بناکر ٹھنڈے ٹھنڈے سانس بھرنے پر مجبور کرتی ہیں - اور کبھی حالتِ انبساط میں شگفتہ اور بشاش کر دیتی ہیں -

اپریل ۱۹۱۸ء کی پہلی اتوار کا دن صبح کا سہانا وقت ہے - حامد اپنی کوٹھی کے برآمدہ میں بیٹھا ہوا ہے - سامنے ایک خوشنما چھوٹی میز لگی ہوئی ہے اور وہ ایک کاغذ کے پرزے پر کچھ نوٹ کر رہا ہے - اوس کا چہرہ بتا رہا ہے کہ کسی ضروری اور بڑے کام میں مصروف ہے اور بار بار گھڑی پر نگاہ ظاہر کر رہی ہے کہ کسی ابھی آنیوالے امر کی شدت ہے -

سامنے کی روش پر مس کنتھارائن اٹکھیلیاں کرتی ہوئی آرہی ہے مگر حامد کو اپنی مصروفیت میں ذرا اطلاع نہیں - مس کیتھارائن کا انداز خرام اور اس کا حامد کی طرف کن آنکھیوں سے دیکھ دیکھ کر مسکرانا - بے تکلفی سے پھول توڑنا اور پھر دلِ عشاق کی طرح مسل مسل کر پھینک دینا - ستارہ جمال پاؤں کی لغزش اور پھر پھر لغزش پر تبسم آمیز چین جبین اور عمداً حامد کو متوجہ کرنے کو کچھ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں کہتے جانا یہہ سب ایسی چالیں نہیں کہ جب حامد کی نظر ادھر متوجہ ہوئی تو چند منٹ تک دوبارہ کاغذ کی طرف متوجہ ہونے سے قاصر رہی -

حامد — از کجا می آئی ای سرمست عولی محو بار — عطر آگین نالہ من عنبر افشان تا کہ

مس — علی الصباح کہ مردم بکار و بار روند — بلاکشان محبت بکوئے ——

حامد — ہاں ہاں پھر جیسا کیوں گئیں کہو نہ کہو — بکوئے یار روند

مس — واہ واہ تو یوں کہو کہ میں نے فارسی پڑھکر ہی ڈبوئی ——
اور پھر کیا ہے یار کے معنے دوست کے ہیں - کیا آپ میرے دوست نہیں ہیں ؟ ہمارے ہاں تو یہہ کچھ عیب نہیں -

حامد — ہاں کیوں نہیں مس تمہارا دوست اور ہم میرے دشمن -

مس — (ذرا چونک کر) یہہ کیونکر ؟

حامد	وقت کم ہے اور تم میرے کہنے میں خلل انداز ہوئیں۔ تم آئیں اور میں نے کام کو خیرباد کہا۔

مِس	تو خیر میں جاتی ہوں آپ اپنا ہرج نہ کریں۔

یہہ کہکر لیڈی نے برآمدہ سے نیچے قدم رکھا۔

حامد	ہائیں! ہائیں!! بات سنو۔

مِس	(جواب نہ دارد)

حامد	سر کے گلدستہ سے ایک پھول نکالکر اور لیڈی پر پھینککر
واہ یہہ بھی کوئی بات ہے۔ ایسی تنک مزاجی۔ تم سے کچھہ کہا ہے۔

مِس	میں پھر آسکتی ہوں اب آپ کا ہرج ہوگا۔

حامد	نہیں ایسا ہرج نہیں ہوتا۔ وہ تو لیکچر کے واسطے دو تین نوٹ جمع کررہے تھے۔

مِس	آپ کو لیکچر ہی سے فرصت نہیں ہوتی بڑے بکھار سے لغو ہیں کہ بڑے

حامد	لوگ آ آکر اصرار کرتے ہیں تو میں کیا کروں؟

مِس	تو کیا آج ہی جلسہ ہے۔؟

حامد	آج تو سمجھیے۔

مِس	کہاں۔

حامد	وارڈ انسٹیٹوٹ میں

مِس	میں نے تمہاری لیکچر دیتے ہوئے تصویر نہیں لی آج اوس جلسہ کی تصویر لوں۔ کیوں؟

نوٹ سلہ جب مولوی سید آل حسن اسماعیل خان صاحب میر ٹسٹ کورٹ اودے پور ہوئے۔ تو وارڈوں کی تعلیم اور اصلاح کے واسطے ایک وارڈ ماسٹر قائم کیا پہر ایک سکول بھی کہولا۔ تہوڑے عرصہ میں کافی تعداد طلبا کی جمع ہوگئی اور بڑے بڑے نمایاں ترقی کی خصوصاً وارڈوں کی تعلیم میں بہت کامیابی ہوئی۔ اور اُمید تھی کہ ریاست کے کمسن رئیسوں میں علم کی دولت پہیل جاتی مگر افسوس ہے کہ مولوی صاحب مذکور کی رخصت حاصل کرلینے کے بعد مدرسہ کی طرف توجہ نہوئی۔ اور رفتہ رفتہ توڑ ڈالا گیا۔

مس — تمہیں تو یہہ سمجھے تو ہے   حامد — میں تمہاری نہایت ممنون ہوں
یہہ صرف آپکا طفیل ہے کہ اب بڑے بڑے آدمی مجھ ہی سے تصویر کھنچواتے ہیں ۔ ورنہ پہلے
